(a) whether it is a fact that there is only one seat reserved for FATA in the senior and junior diploma courses in sports complex, if so, its reasons; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to increase the number of seats reserved for FATA in the said courses , if so, when?

Syed Iqbal Haider: (a) Yes. One seat each for senior and junior Diploma courses is reserved for FATA. Allocation of seats for senior and junior Diploma courses is based on the Regional/Provincial quota laid down under exising policy of the Government.

(b) No.

32. *Dr. Muhammad Rehan: Will the Minister for Water and Power be pleased to state the present stage of work done on the electrification of each village recommended by me during the financial year 1992-93 with details of expenditure incurred so far and the time by which electrification work will be completed, separately in each case?

Malik Ghulam Mustafa Khar: The following village were recommended by the Senator:-

1. Village Aman Kot (Kundi) Yarak. -- An expenditure of about 1. 916 million has been incurred upto 12/93 with a physical progress of 80% achieved. The total estimated cost of work order is 2.8446 million. The work is expected to completed within two months subject availability of material.

2. Shawa Shankai (Karak). -- Against a quota of Rs. 3.00 million

of the Senator, the work order amounting to Rs. 2.8446 million has already been issued by WAPDA for electrification of village at S. No. 1 and the balance amount is only 0.156 million so the work order for this village has not been issued as the funds are not enough to meet the cost of the village electirification.

33. *Malik Muhammad Hayat: Will the Minister for Water and Power be pleased to state the names of villages recommended by me for electrification under Senators Quota scheme for the years 1992-93, and 93-94, and the present stage of work done in each village and the time by which all villages will be electrified?

(Reply not received).

34. *Malik Haji Faridullah Khan: Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that electrification work of Saparkai, Shodkai, Khuma Khel and Khojal Khel in Shakai, North Waziristan, was started in 1987, if so, the time by which the said areas will be electirified, and the reasons for this inordinate delay?

Reply not received.

35. *Malik Haji Faridullah Khan: Will the Minister for Religious Affairs be pleased to state:

(a) the total accommodation required and actually hired for Pakistani pilgrims for the ensuing Haj.

(b) the names of hired buildings and their location with the distance of each building from Harm Shareef; and

(c) the steps taken by the government for making suitable accommodation arrangements for all pilgrims?

Syed Iqbal Haider: (a) Ministry has to arrange accommodation for 65,000 intending pilgrims. So for accommodation for 50,000 pilgrims has been arranged.

(b) The latest list of hired buildings furnished by Director General Haj, Jeddah will be placed on the table of the House, when received.

(c) The process of hiring of suitable accommodation is still continuing under the supervision of Deputy Leader of Accommodation Committee (Mr. Shahid Amin, Ambassador of Pakistan in Riyadh)

36. *Mr. Fateh Muhammad Khan: Will the Minister for Water and Power be pleased to refer to Senate Starred Question No 106 replied on 26th August, 1993 and state;

(a) the date on which the work of electrification of village Bharwal, Teh. and Distt. Gujrat, was started indicating also the percentage of work completed so far; and

(b) the reasons for not completing the work within stipulated period?

(Reply not received).

37. *Akhunzada Behrawar Saeed: Will the Minister for Water and Power be pleased to refer to Senate Starred Question No. 4 repllied on 13th July, 1993 and state the present stage of work done on the electrification of village Dabkass, Tehsil Sohawa, District Jhelum, the reasons for delay, if any, and the time by which electrification work would be completed?

(Reply not received.)

38. *Akhunzada Behrawar Saeed: Will the Minister for Water and

Power be pleased to state;

(a) the number of vacant posts of SEs (B-19) in the WAPDA;

(b) the date of last DPC meeting held for considering the promotions of XENs to the post of S.E; and

(c) the number of persons recommended for promotion and the number of persons actually promoted to the post of S.E. and the time by which remaining XENs recommended by the promotion committee, would be promoted as SEs?

(Reply not received).

39. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that the Chinese nuclear deal for production of 300 MW energy was originally based upon the number of co-production implying transfer of technology to Pakistan but later on the basis was changed to turnkey basis, if so its reasons and whether there is any proposal under consideration of the Government to go back to the co-production basis?

(Reply not received).

40. *Hafiz Hussain Ahmed: Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the present stage of work done on Saindak Project and the total expenditure incurred so far; and

(b) whether it is a fact that the Saindak Project is being closed down?

Mr. Anwar Saifullah Khan: (a) The physical progress on

metallurgical plant being constructed by Chinese contractors is 65% as on 31st December, 1993. The progress on construction of infrastructure is also as per schedule. An expenditure of Rs. 5723 million (FEC Rs. 3432 million) has been incurred on the Project upto 31st December, 1993.

(b) No.

SENATE SECRETARIAT

'UNSTARRED QUESTIONS AND THEIR REPLIES'

For Tuesday, the 15th February, 1994

1. Mr. Youssouf Shaheen: Will the Minister for Water and Power be pleased to state;

(a) the foreign loans, grants-in-aid and domestic borrowings made by the WAPDA from 1977-78 to 1992-93 and the yearly mark-up interest paid by the authority during the said period;

(b) the total uptodate liabilities of the WAPDA towards its foreign donors and domestic share-holders; and

(c) the breakup of the total amounts provided in foreign exchange during the said period by the U.S. Aid, IMF, the World Bank and other international donor agencies?

Malik Ghulam Mustafa Khar: (a) The foreign loans, grant-in-aid and domestic borrowings made by WAPDA from 1977-78 to 1992-93 and the yearly mark-up /interest paid by the authority during the said period is given in the attached Annexure-I.

(b) the total up-to-date liabilities of the WAPDA towards its foreign donors and domestic share-holders in respect of Water Wing upto 30-6-1993 is given in attached Annexure-II

(c) the break-up of the total amounts provided in foreign exchange during 1977-78 to 1992-93 by the [illegible] Aid, IMF and World Bank and other international donor agencies is given in the attached Annexure-III

(Annexures have been placed in the Senate Library)

2. **Mir Abdul Jabbar:** Will the Minister for Environment and Urban Affairs be pleased to state:

(a) whether internal audit of "Tameer-e-Watan Programme" has carried out by the Internal Audit Department Pak. PWD; and

(b) whether any irregularities were found out during the audit, if so, their details and the action taken by the Pak. PWD against the officials responsible for those irregularities?

Syed Iqbal Haid: (a) Yes. Some procedural, codal and financial irregularities were pointed out by the Internal Audit Party of the Pak- PWD. The Regional Chief Engineer has been asked to initiate disciplinary action against the officials responsible for the irregularities.

LEAVE OF ABSENCE

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔چھٹیوں کی درخواستیں ہیں۔

[At this stage Mr. Chairman occupied the Chair]

جناب چیئرمین۔جی جناب چھٹی کی درخواستیں ۔سید ذوالفقار علی شاہ جاموٹ صاحب ملک سے باہر تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت

کی درخواست کی ۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین - جناب یحییٰ بختیار صاحب ناگزیر وجوہات کی بناء پر مورخہ 13 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین - جناب محمد علی خان صاحب کسی میٹنگ کی وجہ سے آج ایوان میں شرکت نہیں کر سکتے انہوں نے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین - جناب اشتیاق اظہر صاحب ۔

جناب اشتیاق اظہر - جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ کے اور آپ کے توسط سے اس ایوان کے علم میں دو نہایت ہی بھیانک واقعات لانا چاہتا ہوں ۔ ایک واقعہ تو سپرہائی وے پر ہوا ۔ تین روز پہلے ایک بارات کو روک کر دلہن کو بے عزت کیاگیا اور اس سے کہا گیا کہ اس کا چہرہ دکھایا جائے اور دوسرا واقعہ ملیر میں ہوا کہ چار گھنٹے تک بارات کو روکے رکھا گیا اور دلہن سمیت سب کا مذاق اڑایا جاتا رہا ۔ یہ واقعات انتہائی بھیانک ہیں ۔ میں آپ کے توسط سے ایوان کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں ۔ کل چیف منسٹر سندھ میری قیام گاہ پر مجھ سے ملنے کے لئے آئے تھے تو میں نے ان سے بھی اس بات کی وضاحت کی تھی کہ یہ واقعات ہو رہے ہیں ۔ یہ واقعات سیاسی اقتصادی اور سماجی نوعیت کے نہیں ہیں ۔

جناب چیئرمین - کیا آپ کے پاس لکھی ہوئی کوئی چیز ہے؟

جناب اشتیاق اظہر - نہیں جناب لکھی ہوئی نہیں ہے ۔ میں چاہتا یہ ہوں کہ ان واقعات کا باقاعدہ نوٹس لیا جائے ۔ اور بڑے افسوس کی بات یہ ہے کہ میں نے چیف منسٹر صاحب سے بھی کہا ۔ لیکن انہوں نے بھی کوئی خاص توجہ نہیں دی ۔ اب میں آپ کے توسط سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ غیرت کا معاملہ ہے اور غیرت کا معاملہ تمام قومیتوں کے لئے ہے ۔ اگر اس طرح سے دلہنوں کے ساتھ یعنی باراتوں کے ساتھ سلوک ہوتا رہا کسی بھی قوم کی وہ میں ----

جناب چیئرمین۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا۔ لیکن وزیر داخلہ صاحب موجود ہیں ۔ میرا خیال ہے آپ ان کے علم میں بات لائیں۔ تا کہ وہ اس پر کارروائی کر سکیں۔ پھر کریں گے۔

جناب اشتیاق اظہر۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے غیرت کا معاملہ ہے اور غیرت کا معاملہ کسی بھی قومیت کا ہو خواہ ہماری ہی قومیت کیوں نہ ہو ۔ اس کا نتیجہ انتہائی بھیانک ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ آپ جناب وزیر داخلہ صاحب! سن لیں۔

جناب اشتیاق اظہر۔ اس پر پھر کسی قسم کا تعاون اور compromise نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ غیرت کے معاملے میں صورتحال ایسی ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی تمام قومیتوں کے نمائندے یہاں بیٹھے ہیں ۔ ان سب کو یہ سوچنا چاہئیے ان سب کے لئے یہ ایک لمحۂ فکریہ ہے کہ اگر اسی طرح یہ واقعات ہوتے رہے تو پھر اس کے بہت بھیانک نتائج نکلیں گے اور مجھے بڑا افسوس ہے کہ یہ واقعہ میں وزیر دفاع کے توسط سے چیف آف آرمی سٹاف کے نوٹس میں بھی لانا چاہتا ہوں کہ یہ ایک ایسے دور میں ہو رہا ہے کہ جب وہ چیف آف آرمی سٹاف ہیں اور ان کو علم ہے اور وہ ذاتی گواہ ہیں کہ جب کراچی میں سردار نشتر صاحب کی تدفین کا معاملہ پیش آیا تھا خصوصاً جبکہ ان کے والد لاش کو پشاور لے جانا چاہتے تھے تو کراچی والوں نے سینہ کھول کر کہا کہ ان کو یہاں ہی دفنائیں گے۔

جناب چیئرمین۔جی جناب اشتیاق صاحب ۔ یہ تو کافی لمبی بات ہو گئی ہے۔

جناب اشتیاق اظہر۔لیکن ان کے زمانے میں ایسی بات کا ہونا بہت قابل افسوس بات ہے ۔ میں یہ کہنے کے بعد بات اسی پر ختم کروں گا کہ یہ جو کچھ آج ہمارے ساتھ ہو رہا ہے کل کسی اور کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے ۔ اور پھر ایک دن وہ بھی آئے گا کہ

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا   جب "راج" کرے گا بنجارہ

جناب چیئرمین۔ آپ وزیر داخلہ صاحب کو بتا دیں اور ان کو بریف کردیں تاکہ وہ جوبھی کارروائی کرسکتے ہیں ، کریں۔

جناب اشتیاق اظہر۔میں نے چیف منسٹر صاحب کو پورا بریف کردیا تھا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں جی وزیر داخلہ صاحب کو جی۔ یہاں پر تو وہ موجود ہیں۔

جناب اشتیاق اظہر۔ جی جو میں آپ سے کہہ رہا ہوں بس وہی ان سے اب کیا کہنا ہے۔

جناب چیئرمین۔ کم از کم ان کو واقعات کا علم تو ہو۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) نصیر اللہ خان بابر۔ اس کے بعد میرے خیال میں یہ تفصیل سے مجھے بتا دیں۔ I.G.P. بھی یہاں ہیں۔

جناب چیئرمین۔ اور کچھ نہیں تو کم از کم اس کی تفصیلات منگوا لیں گے۔ کیا واقعہ ہوا؟ کہاں اور کس طرح ہوا؟

میجر جنرل (ریٹائرڈ) نصیر اللہ خان بابر۔ جناب والا! یہ واقعہ کب کا ہے؟

جناب چیئرمین۔ کب کا واقعہ ہے اشتیاق اظہر صاحب؟

جناب اشتیاق اظہر۔ یہ واقعہ ایک تو چار روز پہلے ہوا ہے اور ایک تین روز پہلے ہوا ہے۔ پھر یہ ہے کہ یہ اخبارات میں رپورٹ ہو گیا ہے۔ وہ خود ہی ان کے نوٹس میں آ گیا ہو گا۔ ملیر کا واقعہ بڑا بھیانک ہے اور یہ ابھی اخبارات میں نہیں آیا' آجائے گا۔ اس میں الطاف حسین صاحب نے بھی بیان دیا ہے۔ وہ یہاں نیوز اخبار نے چھاپ دیا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی اب بات ہوگئی ہے۔ آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

سید علی حیدر۔ جی میں ذاتی بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ کیا ہے ذاتی بات' کیا ہے؟

سید علی حیدر۔ ہم کراچی میں جب move کرتے ہیں۔ تو ایک جگہ سے گذرتے ہیں وہاں پر پولیس کی ڈیوٹی ہوتی ہے۔ ایک دفعہ انہوں نے چیک کیا ہم نے ان کو شناخت کرایا کہ ہم کون ہیں کاغذات دکھائے شناختی کارڈ دکھایا۔ دوسرے دن پھر بھی روکا گیا۔ پھر وہی سارا process کیا۔ ان سے ہم نے پوچھا کہ آپ نے کل تو شناخت کیا تھا تو انہوں نے کہا کہ کل کیا تو آج کیوں نہیں کرنا چاہیے۔ یہ صورتحال عمومی ہے۔ کراچی میں ہماری ہتک کی جاتی ہے بےعزتی کی جاتی ہے مقررہ ٹائم پر روزانہ وہاں سے نکلتے ہیں۔ روزانہ ہمارے ساتھ اسی طرح ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ یہ چونکہ آپ کا ایک ذاتی مسئلہ ہے اس کو باقاعدہ لکھ کر ضابطے کے تحت دیں پھر اس پر کارروائی کرتے ہیں۔

سید علی حیدر۔ یہ جو سید اشتیاق اظہر صاحب نے کہا یہ عمومی واقعات ہیں۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔ پریولج موشن ہے نمبر 5 اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب کا

on the non-implementation of an assurance given by the Law Minister on 11.01.94 that the funds for ADP 1992-93 will be released in the Ist week of February, 1994.

PRIVILEGE MOTION RE: RELEASE OF FUNDS OF SENATORS FOR ADP 1992-93.

Akhunzada Behrawar Saeed: I beg to move that the proceedings of the House may be stopped and the motion for the breach of my privilege and that of the House caused by the failure of Government regarding the release of funds (A.D.P.) for the year, 1992-93 of the Senators, the Government, particularly the Law Minister and Leader of the House had given undertaking in the House that the funds will be released in the first week of February which has not been done so far. So, this action of the Government has deliberately caused the breach of the Senate on the whole and mine in particularly.

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Syed Iqbal Haider: It is being opposed.

اخونزادہ بہرہ ور سعید۔جناب میری اس میں گزارش یہ ہے کہ کہتے ہیں

میری وہی تمنا اور تیرے وہی بہانے

میں شاعر نہیں ہوں۔ میری توقع اس حکومت سے یہ تو نہیں تھی مجھے یقین تھا کہ وہ جو کہتے

ہیں کرتے نہیں ہیں ان کے قول و فعل میں بڑا ہی تضاد ہے ۔ مگر وزیر قانون جو میرے دوست ہیں ، سینیٹر ہیں۔ اور لیڈر آف دی ہاؤس میرے دوست ہیں ۔ انہوں نے یہاں under taking دی تھی کہ فروری کے پہلے ہفتے میں اس کو release کریں گے اب فروری کا پہلا ہفتہ گزر گیا ہے یہ پھر کس قسم کے بہانے لائیں گے ۔ تو یہ ایسی چیز ہے کہ یہاں دونوں وزراء نے under taking دی ۔ دونوں وزراء بہانے کرکے اس کو ٹال رہے ہیں ۔ اگر ان میں طاقت ہے تو کہیں کہ ہم اس کو ۲۰ مارچ تک لے جانا چاہتے ہیں ۔ ۲۰ مارچ کے جو نئے سینیٹرز آئیں گے ان کو ہم جو چاہیں وہ دیں گے ان کو نہیں دیتے ۔ اقبال حیدر صاحب آپ وکیل بھی ہیں یہ خرچ بجٹ میں منظور ہو چکا ہے۔ اور اس پر ہمارا انٹرسٹ پیدا ہو گیا ہے ۔We will call you in the court, mind it. جناب میری گزارش یہ ہے کہ بے شک اس کو اس ہاؤس میں discuss کیا جائے۔ حکومت آخر ایسے حربے کیوں استعمال کررہی ہے ۔ سمری بھیجی گئی ہے۔ یہ ہو گا وہ ہو گا۔

جناب چیئرمین۔وزیر قانون سے پوچھتے ہیں وہ کیا کہتے ہیں ۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید۔وزیر قانون تو یہی کہیں گے ۔ میں کوشش کروں گا۔

جناب چیئرمین۔جب جواب معلوم ہے تو پھر پوچھتے کیوں ہیں ؟جی جناب وزیر قانون صاحب ۔

سید اقبال حیدر۔میں مشکور ہوں جناب چیئرمین! آپ کا بھی، آپ میری مدد کو آئے اور معزز رکن کا ابھی انہوں نے میرا جواب خود ہی دے دیا۔ اور یہی میں نے پہلے بھی۔۔۔

جناب چیئرمین۔آپ نے کوئی under taking دی تھی assurance کی ؟

سید اقبال حیدر۔میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی ہم اس کے بارے میں statement دیں گے ۔اس اجلاس فروری میں۔ اور میں ملک قاسم صاحب کا بھی شکرگزار ہوں ۔۔۔ اس سے پہلے بھی یہ مسئلہ اٹھایا گیا تھا تو ملک صاحب سے میں نے درخواست کی تھی کہ معلوم کریں کہ متعلقہ وزارت نے کیا فائنل فیصلہ کیا ہے تاکہ

We should make a policy statement, this way or that way.

جناب چیئرمین۔یہ آپ کب تک دیں گے ؟

سید اقبال حیدر۔اسی اجلاس میں۔

جناب چیئرمین۔ٹھیک ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید۔اس اجلاس میں نہیں جناب۔

Syed Iqbal Haider: Sir, there is no deliberate violation on our part.

Akhunzada Behrawar Saeed. Sir, this is a deliberate violation of the privilege of this House. They are delaying it. I pray, Sir, that this matter may be dealt with in the Committee and these two gentlemen may be called there to explain as to why are they telling so big lies?

جناب چیئرمین۔حکومت کی جانب سے جب کوئی بیان دیا جاتا ہے تو آگے پیچھے ہو ہی جاتا ہے۔ ان کو موقع دیا جانے تاکہ یہ پوری تفصیل سے بات کرسکیں۔جی جناب مندوخیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔اس بات پر میں نے پہلے پوائنٹ آف آرڈر پر بات کی تھی تو پھر بات ہوئی کہ پریولج موشن دیا ہے۔ ہم جناب والا !یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں یعنی سینٹ کے ممبران اور پارلیمنٹ کے ممبران کو حکومت کیوں اتنا ---یعنی میں اگر اتنا کہوں یا ایسے الفاظ استعمال کروں پھر وہ ناراض ہو جائیں گے ۔ جناب والا ! یہ معین قریشی کی وزارت عظمیٰ میں فیصلہ ہوا تھا۔ ہمیں جو فنڈ دیئے گئے اس کی ہم نے سکیم تیار کی اور ایک معنوں میں ہم نے عوام کے سامنے commitment کی۔ اس کے بعد جناب والا! آپ توجہ فرمائیں۔

جناب چیئرمین۔جی فرمائیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔جناب والا! 47 ویں اجلاس میں یہ پوائنٹ اٹھایا گیا اس کے بارے میں یہاں فلور آف دی ہاؤس پر انہوں نے ہمارے سامنے بریفنگ کی بات کی اور پھر کمیٹی روم نمبر ۲ میں بریفنگ ہوئی اور اس کو ملک صاحب نے chair کیا اور انہوں نے یہ وعدہ کیا کہ جو فنڈز release نہیں ہوئے ہم release کریں گے اور اس کے ساتھ 1993, 1994 کے فنڈ کی بھی commitment کرتے ہیں کہ ہم دیں گے ۔ اور پھر آج تک 48 ویں اجلاس میں جو requisitioned اجلاس تھا۔یہی بات پھر فلور آف دی ہاؤس پر ہوئی اور پھر جناب لیڈر

آف دی ہاؤس اور وزیر قانون نے پھر یہاں commitment کی اور انہوں نے یہی الفاظ استعمال کیئے۔ چونکہ یہ requisitioned session ہے اس لئے آئندہ کے سیشن میں اگرچہ میں نے سوال بھی اٹھایا تھا کہ کیا requisitioned session میں ایسا کوئی سوال پریولج کا نہیں اٹھایا جا سکتا۔ لیکن پھر ہم نے موقع دیا اب وہ بالکل نظرانداز کرگئے۔ آپ کو معلوم ہے کہ کل یا پرسوں جناب والا! سینٹ کے نئے امیدواروں کے نام آئیں گے۔ اس کے بعد ۲۲ تاریخ تک ہم نے ایڈجرن کیا ہے۔ اس کے بعد الیکشن ہوں گے۔ کیا اس میں گورنمنٹ سینٹ کے الیکشن کو متاثر کرنے کے لئے یہ سب کچھ کر رہی ہے۔ یہ واضح ہے اور نمبر ۲ سینیٹرز کو بدنام کرنے کے لئے یہ ہو رہا ہے۔ میں نے جو سکیمیں دی ہیں۔ جناب والا ! اور ان کے بارے میں administrative approval بھی آئی ہے پیسہ ریلیز نہیں ہوا ہے۔ اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ عبدالرحیم مندوخیل' سینیٹر چونکہ پختون خواہ ملی پارٹی کے نئے ہیں۔ اس لئے انہوں نے پیسے کھا لئے ہیں۔ اور یہ بالکل ہے اور یہ سب سینیٹرز کی بدنامی کے لئے ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ واقعی پریولج موشن ہے لہذا اسے پریولج کمیٹی میں پیش کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔جی جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔میں صرف ایک مسئلے کی طرف متوجہ کروں گا وزیر محترم کو' اور وہ یہ کہ جہاں تک مجھے یاد ہے اس معاملے میں انہوں نے ایک specific time herizon دیا تھا۔ اور یہ کہا تھا کہ فروری کے پہلے ہفتے تک ہم پالیسی بیان دے دیں گے۔ اگر وہ نہیں دے سکے تو ان کا فرض تھا کہ کم از کم appologize کرلیں کہ کن وجوہ سے نہیں کرسکے ہیں اور بتائیں کہ کب تک کر رہے ہیں۔ یہ بہرحال انہوں نے نہیں کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایسا lapse ہے جس کی کوئی نہ کوئی وضاحت ان کو ضرور کرنی چاہیئے۔

جناب چیئرمین۔جی بشارت الہی صاحب۔

ڈاکٹر بشارت الہی۔بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین!اس سلسلے میں ' ملک قاسم یہاں تشریف فرما ہیں انہوں نے ایک میٹنگ بلوائی تھی سینیٹرز کی جس میں منسٹری اور لوکل باڈیز کے سیکریٹری اور ان کے relevant افسران بھی یہاں پر آئے تھے۔ انہوں نے project which have been approved کی lists دی تھی اور ان کے پیسے بھی ریلیز ہو گئے تھے۔ سب سینیٹرز کو انہوں نے دی

تھیں ۔ واپس جاکر لاہور میں I got in touch with the M/O Local Government Punjanb. There is utter confusion over there. وہ کہتے ہیں کہ ہمیں پیسے ابھی تک فیڈرل گورنمنٹ نے دیئے نہیں ہیں executing agencies ہیں ان میں سے دو کو ان کے تحریری جواب بھی آگئے ہیں ۔ کہ جی ہمارے پیسے آنے نہیں This is not relating to the projects. معین قریشی صاحب نے جن کا کہا تھا This was related to the total development budget for 1992-93 which was allocated to the Senators. میں جیسے کہہ رہا تھا کہ

This is an utter confusion between the Federal Government, the Provincial Government, the Provincial Local Bodies and the executing agencies. We really do not know.

میرے پاس خط آیا تھا ۔ میں نے خط لکھا ایک کاپی میں نے ملک قاسم صاحب کو بھی بھیجی تھی کہ جی یہ صورتحال ہے ۔ ہمیں پتہ نہیں چل رہا ہے پیسے ہیں کہاں کس کے پاس ہیں کس کو ملے ہیں کس کو نہیں ملے ہیں

This is in as much as projects which have been approved and the money for which according to the Federal Government has been released.

تو یہ clarification ہمیں مل جانی چاہئیے ۔

Iqbal Haider has time and again given assurance on the floor of this House that there will be a policy statement by the Government and I believe it is time that now Mr. Iqbal Haider fulfils his undertaking. Thank you very much.

جناب چیئرمین۔ آپ کچھ کہنا چاہیں گے ۔ لیڈر آف دی ہاؤس ۔

Sorry, you are no longer Leader of the House.

Malik Muhammad Qasim: But any way I would like to answer this. As a matter of fact when I came here, I came to know about it this. The Law Minister told me, I went outside and I was very keen to answer this in the House. I went out and tried to contact the Local Bodies' Secretary. Unfortunately

he is not there. Therefore, as the Law Minister has submitted before the House that he should be given some time, so my request is that the time should be given.

Mr. Chairman: So, we will give, let's say a week's time. Now, the Prime Minister is also here and I am sure she is also aware of the problem and I hope that something will be done to sort it out.

جناب چیئرمین۔جی جناب بتائیے ۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔یہ بات وزیر صاحب کے گوش گزار کرنی چاہئیے۔

جناب چیئرمین۔جی وہ بتا دیں کے لیڈر آف دی ہاؤس ہیں ۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل۔آپ کے منسٹر صاحبان اور آپ کی جگہ پر کام کرنے والے میرے محترم ملک قاسم صاحب یہاں commitment کرتے ہیں ۔ سینیٹرز کے فنڈز کے بارے میں اور اس کے بعد یہاں آ کر، ان کو پتہ بھی نہیں ہے کہ اس سیشن میں ۔ انہوں نے اس کے بارے میں اپنی سٹیٹمنٹ دینی ہے ۔ جو انہوں نے وعدہ کیا ہے ۔ ہم وزیر صاحب کے گوش گزار کرانا چاہتے ہیں کہ ان کو پتہ چلے ۔

ADJOURNMENT MOTION RE: ALLEGED DISCONNECTION OF OF ELECTRICITY CONNECTIONS OF DEFAULTERS.

Mr. Chairman: Adjournment motion No. 1 and 20 - Hafiz Hussain Ahmed Sahib and Mir Abdul Jabbar Sahib on the alleged disconnection of electricity connections of defaulters. Yes, Hafiz Hussain Ahmed Sahib.

حافظ حسین احمد۔بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ درج ذیل اہم قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے ۔ روزنامہ "زمانہ" کوئٹہ کے مطابق واپڈا نے اپنے واجبات کی ادائیگی کے لئے اپنی مہم کا آغاز اس صورت میں کردیا ہے کہ اس علاقے کے فیڈر سے ہی بجلی بند کی جاتی ہے اور علاقے کے چند نادہندگان کے گناہ میں طلباء ، اساتذہ ، عام شہری ،

ہسپتال، سکول اور ڈسپنسری وغیرہ میں اندھیرا کردیا جاتا ہے ۔ لیکن اصل نادہندگان کو ، عوام کو تکلیف دینے کے بعد پھر نوازا جاتا ہے ۔ بلوچستان کے اکثر دیہات اس سے زیادہ متاثر ہیں۔ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اس لئے جاری کارروائی کو روک کر اس پر بحث کی جائے ۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Malik Ghulam Mustafa Khar: Yes, it is opposed, Sir.

Mr. Chairman: It is being opposed.

حافظ صاحب! اس کی تھوڑی سی تفصیل بتا دیں۔

حافظ حسین احمد ۔ جناب چیئرمین ! اسے بھی واپڈا ہو گیاہے جی ۔ میں نے کہا مائیک کو بھی واپڈا ہو گیا جی ۔

جناب چیئرمین ! ہمیں خوشی ہے کہ کھر صاحب نے کچھ دیر پہلے ہمیں یہ یقین دہانی کرائی کہ وہ بلوچستان تشریف لا رہے ہیں ۔ جہاں تک واپڈا کے واجبات کا تعلق ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ضرور ان واجبات کی وصولی کے اقدامات کئے جائیں۔ لیکن صورتحال یہ ہے کہ کسی بھی علاقے میں خصوصاً بلوچستان کے جن علاقوں کا میں نے حوالہ دیا ہے وہاں زرعی اراضی ہے اور وہاں پر آبپاشی کا ذریعہ صرف ٹیوب ویل ہیں اور بجلی کے ذریعے وہ مشینیں چلائی جاتی ہیں۔ لیکن مستقل نادہندگان کی جو فہرست ہمارے سامنے ہوتی ہے اس میں چند ایسے افراد ہوتے ہیں جو بااثر بارسوخ ہیں اور جن کے اوپر لاکھوں روپے واپڈا کے واجبات ہوتے ہیں اور ان کی ادائیگی کے لئے وہ کبھی بھی سنجیدہ نہیں ہوتے ۔

جناب چیئرمین صاحب ! یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اگر ایک علاقے میں کچھ نادہندگان رہتے ہوں اور یہ وہ نادہندگان ہیں ، جو ایکسین وہاں پہنچتے ہیں وہ اسے پکڑتے ہیں ، اس کی دعوت کرتے ہیں اسے شکار کے لئے لے جاتے ہیں ، اس کی خاطر تواضع کرتے ہیں اور اس کے بعد اسے اپنا دوست بنا لیتے ہیں۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ ان چند نادہندگان کی وجہ سے پورے علاقے کی بجلی منقطع کی جاتی ہے وہاں پر طلباء ہیں ، وہاں پر ہسپتال ہیں ، وہاں پر مریض ہیں ، ٹیچر ہیں یعنی زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد رہائش پذیر ہیں لیکن اس ناکردہ گناہ کی پاداش میں ان کی بجلی منقطع کی جاتی ہے اور وہ لوگ جو نادہندگان ہیں وہ ان کے ساتھ بیٹھ

رہتے ہیں اور کچھ عرصے کے بعد دوبارہ بجلی بحال کی جاتی ہے اور ان کے اوپر جو سابقہ واجبات ہیں وہ جوں کے توں رہتے ہیں ۔

جناب چیئرمین! اس کے ساتھ ہی پچھلی دفعہ بھی یہی صورتحال پیدا ہوئی اور واپڈا حکام کے ساتھ کچھ ہمارے سینیٹرز اور ممبران پارلیمنٹ ' قومی اسمبلی کے ارکان بھی تھے جنہوں نے میٹنگ کی اور یہ طے پایا کہ جو اصل نادہندگان ہیں ان کے کنکشن منقطع کئے جائیں ' ان کے ٹرانسفارمر اتارے جائیں لیکن صورتحال یہ ہے کہ آپ پورے فیڈر کی بجلی بند کردیتے ہیں اور پورا علاقہ تاریکی میں ڈوب جاتا ہے اور جو چھوٹے زمیندار ہیں جنہوں نے اپنے واجبات ادا کردیئے ہیں ' اسی نوے فیصد ان کی بھی بجلی اس لئے منقطع ہوتی ہے کہ وہاں پر اتنے لاکھ روپے جو ہیں وہ اس علاقے پر واجب الادا ہیں ۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کے لئے صحیح طریقۂ کار اختیار کیا جائے اور چند افراد کے گناہ کی پاداش میں اس پورے علاقے کی بجلی کو منقطع نہ کیا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ' وزیر برائے پانی و بجلی ۔

جناب غلام مصطفیٰ کھر ۔ جناب چیئرمین! یہ نہایت ہی اہم اور سنگین مسئلہ ہے ' ہمیں بھی اتنی ہی تشویش ہے جیسا کہ سینیٹر صاحب کو ہے ۔ کہ کسی ناکردہ گناہ کی سزا دوسرے کسی کو نہیں ملنی چاہئیے ۔ مجھے پہلے علم نہیں تھا ' چند روز پہلے جب پریزیڈنٹ صاحب سبی گئے تھے تو وہاں سے انہوں نے مجھے فون کیا تھا کہ میرے پاس کچھ ڈیپوٹیشنز آئے ہیں ۔ اس کے باوجود کہ جو واپڈا کارروائی کر رہی ہے وہ حق بجانب ہے لیکن پھر بھی میں چاہتا ہوں کہ کوئی اس کا حل تلاش کیا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ جناب اس وقت واپڈا کے واجبات ملک میں تقریباً بارہ ملین ہیں ۔ اور یہ بات صاف ظاہر ہے کہ اگر اسی قسم کے حالات رہے تو پھر واپڈا کے لئے مشکلات پیدا ہوں گی اور آئندہ ہماری ڈویلپمنٹ رک جائے گی اور ہمارا بہت نقصان ہوگا ۔ مقصد ہمارا صرف یہ ہے کہ کسی صورت واجبات بھی ادا ہو جائیں اور لوگوں کو کم سے کم تکلیف ہو خاص طور سے جو کاشتکار صاحبان کا ذکر کیا گیا ہے میں خود بھی اسی کمیونٹی سے تعلق رکھتا ہوں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک چھوٹے کاشتکار کو اس وقت پانی کی کمی یا کوئی ایسی چیز ہو جائے تو اس کی سارے سال کی روزی ماری جاتی ہے ۔ میں نے چیئرمین واپڈا اور سیکریٹری واٹر اینڈ پاور نے آج بلوچستان جانا تھا اور چیف منسٹر صاحب سے بھی ہماری یہ بات ہوگئی تھی لیکن

چونکہ آج میرے یہاں 25 سوالات تھے اور یہ ایڈجرنمنٹ موشن تھی ۔ اس لئے میں نے اپنے دورے کو ملتوی کیا ۔ میں یقین دلاتا ہوں حافظ صاحب کو اور دوسرے صاحب جو mover ہیں ان کو بھی کہ انشاء اللہ ہم وہاں چند دنوں میں جائیں گے اور آپ کو اطلاع دی جائے گی وہاں آپ سے بیٹھ کر اور چیف منسٹر صاحب کے ساتھ مل کر ہم کوشش کریں گے کہ کوئی ایسا راستہ نکلے جس سے واپڈا کے واجبات بھی ادا ہو جائیں اور وہاں چھوٹے کاشتکار کو یا جو لوگ اس میں ملوث نہیں ہیں ان کو نقصان نہ پہنچے ۔

میرے نوٹس میں بھی لایا گیا ہے کہ جن لوگوں نے بڑی بڑی رقوم دینی ہیں ان سے کوئی نہیں پوچھتا یہ کافی عرصے سے ہے ' یہ آج کی بات نہیں ہے میرے خیں میں اس ملک کی ایڈمنسٹریشن کا یہی حال ہے ۔ میں نے خدا اور خدا کے رسول کے ساتھ یہ وعدہ کیا ہے اور پاکستان کے عوام کے ساتھ اور ہاؤس کے سامنے بھی یہ وعدہ کرتا ہوں کہ جب تک میں اس منسٹری کا انچارج ہوں اس وقت تک سب سے پہلا ہمارا ہاتھ جو ہے ان لوگوں کے اوپر جائے گا جو سب سے بڑے واجبات ادا کرنے والے ہیں اور جو سب سے بااثر لوگ ہیں ۔ کسی کو spare نہیں کیا جائے گا ۔ لیکن اس کے باوجود یہ میں یقین دلاتا ہوں میں ان کو اطلاع دوں گا کہ جو ابھی کوئی صورتحال ایسی نکلی جس میں ہم اس کا کوئی صحیح حل نکال سکیں تو ہم نکالنے کے لئے تیار ہیں اس کو کوئی مہینے نہیں لگیں گے میرا خیال ہے چند دنوں کے اندر ہم وہاں جا کر اس مسئلے کو حل کریں گے ۔ میری اس یقین دہانی پہ میرا خیال ہے اب وہ مطمئن ہوں گے ۔

جناب چیئرمین ۔حافظ صاحب: اس یقین دہانی کے بعد آپ اس پر زور دیں گے ۔

حافظ حسین احمد ۔ اللہ کرے کہ چیئرمین صاحب! ان کی بات درست ہو ۔ ایک وزیر تھے ہمارے جام یوسف صاحب وہ بیچارے کافی کوشش کرتے رہے ۔ لیکن ان کی شنوائی نہیں ہوئی ۔ہم بھرپور تعاون کریں گے کھر صاحب کے ساتھ ۔ جہاں تک بلوچستان کے کاشتکاروں کا تعلق ہے کاش وہ کھر صاحب جیسے ہوتے تو یقیناً ہمیں اس کی ضرورت درپیش نہ آتی ۔ لیکن صورتحال کچھ اس طرح ہے چیئرمین صاحب کہ بالکل اس علاقے کی بجلی کو منقطع کیا جاتا ہے ۔ ہم کبھی بھی یہ نہیں کہتے نادہندگان ' ہم تو کہتے ہیں سینٹ اور قومی اسمبلی کے جو نادہندگان ہیں جو وزراء ہیں سب کا احتساب ہونا چاہئیے ۔ لیکن یہ انصاف نہیں کہ آپ اس علاقے کے فیڈر سے ہی

بجلی کو بالکل بند کردیں اور جو چھوٹے کا شتکار ہیں جنہوں نے ہمارے ساتھ بیٹھ کر وہاں کے چیف انجینئر اور یہاں سے جو ٹیم آئی تھی دو سال پہلے ۔ فضل آغا صاحب نہیں ہیں ہم نے بیٹھ کر یہ طے کیاتھا کہ آپ اس طریقے سے قسطیں ادا کریں ۔ جو چھوٹے کاشتکار تھے جنہوں نے اپنی اقساط ادا کردی تھیں ان کی بھی بجلی بند ہے کہ اس علاقے میں کچھ ایسے لوگ ہیں جن پر لاکھوں کا قرض ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر کھر صاحب تشریف لائیں ۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی واپڈا سے محفوظ رکھے اور ہماری دعا ہے کہ وہ اس کارخیر میں کامیاب ہوں ۔

جناب چیئرمین ۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے وہ جائیں گے اور آپ کو بھی بلائیں گے ۔

Mr. Chairman: Not Pressed. The next is adjournmenet motion No. 6, Hafiz Hussain Ahmad Sahib, Alleged overstay of India emigrants in Pakistan.

ii) ALLEGED OVERSTAY OF INDIAN EMIGRANTS IN PAKISTAN

حافظ حسین احمد ۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ درج ذیل مسئلہ کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے ۔ روزنامہ " انتخاب " کے مطابق اس وقت کم از کم 5 لاکھ بھارتی باشندے غیر قانونی طور پر پاکستان میں قیام پذیر ہیں ۔ بھارت سے وزٹ ویزے پر پاکستان آنے والے بیس فیصد افراد واپس نہیں جاتے ۔ جبکہ وزارت داخلہ غیر ملکیوں کو پاکستان سے نکالنے کے منصوبے پر عملدرآمد میں ناکام ہو گئی ہے ۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ ان بھارتی باشندوں کی اکثریت نے پاکستان کا شناختی کارڈ ، پاسپورٹ حتیٰ کہ ڈومیسائل بھی حاصل کرلیا ہے ۔ وزارت داخلہ کی ایک رپورٹ کے مطابق کم از کم ۱۲ لاکھ سے زائد غیر ملکی غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم ہیں ۔ جبکہ ان لاکھوں کی آڑ میں " را" اپنے ایجنٹ نہ صرف پاکستان میں داخل کر رہا ہے ۔ بلکہ وہ پاکستان میں مستقل آباد ہوگئے ہیں ۔ مزید یہ کہ بعض حساس محکموں میں ان کے ملازمت حاصل کرلینے کی اطلاعات بھی ملی ہیں ۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Maj. Gen. (Retd.) Naseerullah Khan Babar : Opposed.

Mr. Chairman: It is being opposed.

جی فرمائیے حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد۔جناب چیئرمین ! میں صرف یہی کہہ رہا ہوں کہ پورا پاکستان پناہ گزین کیمپ بن چکا ہے اور جہاں تک بھارت سے آنے والے افراد کا تعلق ہے تو ان پر کوئی قدغن نہیں ہے ۔ جو بھی آتے ہیں خصوصاً کراچی اور پاکستان کے دیگر صوبوں میں وہ آکر قیام پذیر ہوتے ہیں ۔ اور باقاعدہ بڑی سہولت کے ساتھ انہیں وزارت داخلہ شناختی کارڈ، ریٹس کا تو مجھے علم نہیں ہے ، ریٹس مقرر ہیں ۔ ان کے مطابق انہیں دیا جاتا ہے ۔ حالانکہ وزیر داخلہ صاحب کا خود ایک بیان آیا تھا کہ لاڑکانہ میں بھی "را" کے ایجنٹ آگئے ہیں ۔ تو یقیناً ظاہر ہے کہ وزیر داخلہ کو زیادہ علم ہوگا کہ کون کہاں سے ، کس طریقے سے پہنچا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے ۔ اس پر باقاعدہ طور پر حکومت کو ایک واضح پالیسی طے کرنی چاہئیے کہ یہ جو میں نے وزارت داخلہ کی رپورٹ کا حوالہ دیا ہے اس وقت بارہ لاکھ سے زائد افراد ایسے ہیں جو غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہو چکے ہیں ، ویزے کے ساتھ اور واپس نہیں گئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر اس ایوان میں بحث کرنی چاہئیے ۔

Mr. Chairman: Minister for Interior.

Maj. Gen. (Retd.) Naseerullah Khan Babar: I have always admitted this we have never closed our eyes to realities but this is a cumulative effect over the years. It has not happened in the last three months or last six months but it is a totally cumulative effect with the result that we are cognizant of this and I have given figures previously also to the National Assembly that as many as one lac and sixty fourth people who came in on even visas, doubtful visas, they did not go back. This was because in the past about 30 to 40 visas were isssued per day from our High Commission in India. But subsequently when Gen. Zia-ul-Haq went on his crickt diplomacy, he opened the flood-gates and he directed that any number of visas would be issued. These numbers then

went up about 800 to 1000 per day. The other thing that he did, was that he did away with the pre-verification. Now, with the 30-40 the police could handle and deal with the pre-verification but once the numbers went up to 800 to 1000 per day the police just could not handle that with the result that a lot of these people came in on doubtful visas and they remained behind.

In addition to this, we have also found that about 60% of the people who formally applied even when the pre-verification was carried out, they were false. Undoubt !ly, this is a big problem but largely it also stems from our own doing in the sense that honourable Members of the National Assembly and the honourable Members of the Senate all come up to us and ask us for grant of visas as special cases, grant of nationality as special cases and he has remarked in the end, " this has become a camp for the international society" today we have bangla deshis, we have Burmese , I mean you name any country ; Yesterday an individual came to me and he said , give me nationality, give this individual one year's extension in visa . I said what claim does he have here? He said none but he has become a Muslim and he has married here, so give him visa. I said , alright. Give me in writing that this man will not then seek nationality over here. He said but that is the very purpose of extension of this visa. So, I refused them . So, we are taking measures. We have limited the number of emigransts now from India , only 40 to 50 visas per day are being cleared. So, we have reduced the numbers bringing back the measure of pre-verification and all other measures are being taken but, undoubtedly it will take time.

As far as the issue of passports and identity cards is concerned, I think it a social evil like that of corruption. I will not defend my department that there is no corruption there; that they are not taking money or illegal gratification for

issuance of identity cards. That would not be facing reality, but whenever a report comes up, we have taken action. In these last three or four months, we have also removed from service certain people but again the *sifarish*, comes up and says that he is a poor man, please look into the case against so and soforth but if this *sifarish* stops from the honourable Members of the National Assembly and the Senate, I think we could progress fairly far and overcome this problem.

As regards evicting them, I think, we are also going to make lists with the assistance of the Intelligence Agencies so that we could send them back to their respective countries. As far as the RAW agents are concerned, undoutedly I would not close my eyes to it. They are there, they are a reality and they are in existence. But wherever we can find them, since they do not come and register themselves with us, we try to apprehend them and then they are meted out sentences. But being a sensitive subject it is not published in the newspapers the numbers that we apprehend and the number that we senstence. There are quite a large number of them in our jails. I think this satisfies the honourable Member.

جناب چیئرمین۔ شکریہ جنرل صاحب فرما رہے ہیں کہ یہ مسئلہ کافی عرصے سے چلا آرہا ہے۔ کوئی ایسا نہیں ہے کہ یکدم رونما ہوا ہو اور حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ اس کا انسداد کیا جائے۔

حافظ حسین احمد۔جناب پاکستان میں کون سا مسئلہ آج پیدا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین۔نہیں ایڈجرنمنٹ موشن کے لئے تو فوری طور پر پیدا ہونا چاہئیے۔

حافظ حسین احمد۔میں عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک ویزوں کا تعلق ہے شاید وزیر داخلہ صاحب کو یہ علم نہ ہو کہ ویزے دینے کا جو عمل ہے یا جو اختیار ہے وہ بھی ہائی کمیشن

کو نہیں بلکہ ان کی وزارت داخلہ سے متعلق ہے ۔ اگر پاکستانی ہائی کمیشن وہاں سے ویزے دے دیتا ہے تو اس کی ذمہ داری کس پر ہے ۔ اس پر کنٹرول کرنا ہے تو کیا وزارت داخلہ خود نہیں کرسکتی ۔ حکومت پاکستان انہیں ویزے نہ دے ۔ جو ویزے لے کر یہاں پر آتے ہیں اور اس کے بعد وہاں پر چلے جاتے ہیں تو اس کی ذمہ داری کس پر ہے ۔

جناب چیئرمین۔نہیں وہ تو کہہ رہے ہیں کہ یہ سارا مسئلہ ہے اور حکومت کوشش کررہی ہے ۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) نصیراللہ خان بابر۔اس کا جواب میں تفصیل سے دے دیتا ہوں جی ۔ اس میں یہ ہے کہ جب ویزے آٹھ سو ہزار دن کے ہوتے تھے اس وقت کنٹرول کسی کا نہیں تھا ۔ نہ ہی انٹیریئر منسٹری کا تھا نہ پولیس کا تھا ۔ اب جب یہ حکومت آئی ہے تو ہم نے اس کو reduce کرکے 40 کر دیا ہے ۔ اور ساتھ یہ بھی کردیا ہے کہ وہ پہلے pre-verify کریں گے ۔ تو ویزہ ایشو ہوگا ۔ اب ہمارے پاس The reports are coming to us from the honourable members کہ delay بڑی ہو رہی ہے ۔ لوگ گلی میں بیٹھے ہوئے ہیں اور کوئی مہینہ گزر گیا ہے ۔

But either we can act with responsibility or we can listen to all these.... the other problems emanating from our policy. But undoubtedly, we are responsible , we have realised our responsibility. We have curbed the numbers and we intend not to issue any visa without pre-verification.

جناب چیئرمین۔تو اس یقین دہانی کے بعد آپ اس پر زور دیں گے ۔

حافظ حسین احمد۔جی کیا زور دیں ۔ وہ ہمارے محترم ہیں ۔

جناب چیئرمین۔شکریہ جی ۔ طارق چوہدری صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب محمد طارق چوہدری۔جناب چیئرمین !آپ کی وساطت سے آج اتفاق ہے کہ پرائم منسٹر صاحبہ یہاں تشریف رکھتی ہیں کل کے پریس میں ایک بہت بڑی خبر چھپی ہے محترمہ کے حوالے سے کہ سکھوں کے مسئلے میں ہم نے راجیو کی مدد کی تھی ۔ چونکہ ہماری پارٹی بھی اس وقت پیپلز پارٹی کی اتحادی ہے اور اس نسبت سے ہمیں embarassment ہو رہی ہے ۔

محترمہ یہاں ہیں۔ میرے خیال میں اس معاملے میں وہ صورتحال کی یہاں وضاحت کریں گی۔

Mr. Chairman: I don't think I can ask her ...

پروفیسر خورشید احمد۔ میں نے بھی رول 236 کے تحت ایک موشن آپ کو بھیجی ہوئی ہے۔ میری جو آج ایڈجرنمنٹ موشن لگنے والی ہے اس کی بجائے مجھے موقع دیا جائے کہ میں اس مسئلے کے اوپر ایڈجرنمنٹ موشن پیش کروں اور چونکہ محترمہ وزیر اعظم صاحبہ یہاں موجود ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک موقع ہے جس میں کہ ہمیں اس موضوع پر بات بھی کرنی چاہیے اور انہیں بھی موقع دینا چاہئیے کہ وہ بات کرسکیں۔

Mr. Chairman: It is up to the Prime Minister

کہ وہ کچھ کہنا چاہیں۔ لیکن I don't think that we can oblige her to make a statement.

پروفیسر خورشید احمد۔ مسئلہ تو سامنے آ گیا ہے۔ اس کے بعد پھر وہ اس کی وضاحت کر دیں تاکہ جو سوال پوری قوم کے سامنے پیدا ہوا ہے اس کو بروقت پیش کیا جاسکے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے۔ ٹھیک ہے۔ لیکن جب وہ موشن پیش ہو گی تو پھر اس کو دیکھ لیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ موشن تو آپ کی ٹیبل پر ہونی چاہئیے۔ اس لئے کہ میں اس کو بھیج چکا ہوں۔

Mr. Chairman: let us go through with the normal business we will take it up when it comes. Yes Mr. Raza Rabbani

Mian Raza Rabbani.: Sir, when Mr. Ishtiaq Azhar was making his statement I wanted to bring it to your kind notice at that time that a point of order could not be used for airing a political opinion or political view. Similarly even at this time the point of order that has been raised does not come within the ambit of Rule 216.

Mr. Chairman: I agree with you

Mian Raza Rabbani: Sir thte second point that I would like to raise is that there is an excessive abuse of Rule 236. Everyday atleast twice or thrice it is moved by the Opposition that there should be a suspendion of rules . I would li'e to draw your attention to Rule 236.

Mr. Chairmian: For the present we are not at it when that will come we will take it up. Now, we are ging through the adjournment motions . Next is Prof. Khurshid Ahmad, NO. 10 Iregular promotion of an officer in the National Bank of Pakistan.

پروفیسر خورشید احمد۔ جی اسی موقع پر میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ میں یہ ریگولر موشن جو میرے sequence پر آ رہی ہے مجھے اجازت دی جائے کہ 236 کے تحت move کروں۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے پہلے آپ ایڈجرنمنٹ موشن move کریں یہ تو آپ نے بات raise کر دی ہے It is upto the Prime Minister she has heard it , It is up to her whether she wants to responed or not . لیکن پہلے آپ ایڈجرنمنٹ موشن تو ختم کریں۔ نمبر ۱۰۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جناب چیئرمین! میں اپنی بات پوری طرح واضح نہیں کر سکا۔ اس سے پہلے بھی یہ صورت ہوئی ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشن کے موقع کے اوپر اگر mover نے محسوس کیا ہے کہ اس کی کوئی دوسری ایڈجرنمنٹ موشن اس کی نگاہ میں زیادہ اہم ہے اور خصوصاً اس بنا پر آج آپ ہاؤس ایڈجرن کر رہے ہیں۔ ۲۲ تاریخ تک کے لئے ہمیں یہ موقع پھر نہیں ملے گا اس لئے میں چاہتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ میں اپنی یہ ریگولر موشن اس وقت move کروں میں اس کی بجائے دوسری موشن move کرتا ہوں جو زیادہ اہم ہے۔

جناب چیئرمین۔ میرے خیال میں جو routine میں ہے وہ آپ کر لیں پھر اس کو دیکھیں گے نمبر ۱۰۔

قاضی حسین احمد ۔پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین ۔جی جناب قاضی صاحب ۔

قاضی حسین احمد ۔جناب چیئرمین ایہ ایڈجرنمنٹ موشن ہوتی ہے کہ جو فوری اہمیت کا مسئلہ ہو اور جس کی طرف پوری قوم متوجہ ہو اور جس پر حکومت کو بھی اپنا ری ایکشن دینے کی ضرورت اور اپوزیشن بھی اس کے بارے میں concerned ہو ۔ وہ ہاؤس میں reflect ہو پرائم منسٹر صاحبہ یہاں تشریف فرما ہیں ۔ بی بی کی طرف منسوب بیان ہے انٹرویو کے حوالے سے کہ ہم نے راجیو گاندھی کی مدد کی ہے مشرقی پنجاب میں ۔ اور اس موضوع پر پروفیسر خورشید احمد نے ایک ایڈجرنمنٹ موشن بھی پیش کی ہے میں کہتا ہوں کہ یہ حکومت کے خود اپنے مفاد میں ہے ہمارے مفاد میں ہے ہاؤس کے مفاد میں ہے کہ اس مسئلے پر پرائم منسٹر یہاں سٹیٹمنٹ دیں اور اس کی وضاحت کریں پوری قوم اس پر اس وقت مضطرب ہے ۔

جناب چیئرمین ۔یہ دیکھیں ابھی آج آپ کی طرف سے ملی ہے اس کو ابھی نہ پراسیس کیا ہے نہ دیکھا ہے چیمبر میں بھی نہیں دیکھا تو بہرحال آپ نے مسئلہ raise کر دیا ہے وزیر اعظم صاحبہ بیٹھی ہیں انہوں نے بھی سن لیا ہے ۔ لیڈر آف دی ہاؤس نے بھی سن لیا ہے اب ۔ It is up to them how they want to respond to it.

Syed Iqbal Haider: Mr. Chairman, I must bring on record that while this so-called statement is being condemened and criticised the today's newspapers have published a categorical clarification on behalf of the Government of Pakistan that the statement being attributed to the Prime Minister as such in those words was never made. It is not a correct situation. The clarification on behalf of the Government is already in the newspapers on record. There is no point of concern with regard to any kind of imaninery help from oursides. There is no question of any, even imaginery help to the Indian Government, which was never extended. That was never made. So, the anxiety and concern of honourable Member is not well fouonded and supported by the

actual facts. There is no truth in that allegation. Thank you.

جناب چیئرمین۔انہوں نے وضاحت بھی کردی ہے۔

Prof. Khurshid Ahmad: The Prime Minister is very much here. She can explain the position her self.

Mr. Chairman: They are saying

پروفیسر خورشید احمد۔جو clarification آج کے اخبارات میں آئی ہے وہ کوئی clerification نہیں ہے اس میں کوئی catgorical denial نہیں ہے۔ اس بات کا کہ ایسی کوئی سٹیٹمنٹ نہیں دی گئی۔ اور بی بی سی کی مانیٹرنگ رپورٹ ڈیلی آتی ہے۔ کوئی ایسی چیز نہیں ہے وہ آواز بھی محفوظ ہوگی ایسا نہیں ہے کہ آواز محفوظ نہ ہو تو اس مسئلے سے فارن آفس کی جانب سے ایک جنرل سٹیٹمنٹ دینا وہ پوزیشن کو clarify نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے As I said that the Prime Minister has listend to your point of view انہوں نے بھی بیان کردیا اب آپ نمبر۱ پر آجائیں۔

جناب یوسف شاہین۔پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین۔آپ کا کیا پوائنٹ آف آرڈر ہے یوسف صاحب۔

جناب یوسف شاہین۔جناب میرا بہت ہی ایمرجنسی کا پرابلم ہے میں صبح بھی بتا چکا ہوں آپ یہاں تشریف نہیں رکھتے تھے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ سکھر سے کراچی تک انڈس میں پانی نہیں ہے پورا خالی پڑا ہوا ہے۔ اور لاکھوں ایکڑ زمین جس میں گنا ہے گندم ہے یہ سب سوکھ رہی ہیں۔ ۷ دن سے وہاں اخبارات خبریں دے رہی ہیں۔

جناب چیئرمین۔اس پہ کہتے ہیں میرے آنے سے پہلے discussion ہو چکی ہے اور جواب بھی دیا جا چکا ہے۔

جناب یوسف شاہین۔بہت اہم مسئلہ ہے اس پر نقصانات ہو جائیں گے پھر جا کر سیٹلمنٹ ہوگا۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے اس میں آپ کو یہ کرنا چاہئیے کہ جو کمیٹی ہے اس سے متعلقہ اس میں اس ایشو کو لے آئیں تاکہ تفصیل سے بات ہو سکے۔ ڈسکشن تو ہو چکی ہے آپ نے وزیر کی توجہ بھی اس طرف دلا دی ہے۔ انہوں نے اس پر کچھ بیان ابھی دیا ہے اور اگر مزید آپ اس پر کچھ چاہتے ہیں تو میرا خیال ہے جو متعلقہ کمیٹی ہے اس میں لے جائیں تو مناسب ہو گا۔ جی جناب پروفیسر خورشید صاحب نمبر۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جی جناب چیئرمین! میں آپ کا حکم مانتا ہوں لیکن اس protest کے ساتھ کہ رول ۲۳۶ کے تحت جس قسم کے نوٹس کی ضرورت ہے وہ میں دے چکا ہوں۔ وہ قواعد کے تقاضے بھی پورے کرتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ لیکن ابھی تک میں نے تو دیکھا بھی نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ اگر آپ کے سامنے نہیں آیا تو یہ سٹاف کی غلطی ہے۔ آپ کو میں نے تو وقت پر دے دیا تھا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، اس کو میں نے ابھی process بھی نہیں کیا۔ ابھی دفتر میں بھی نہیں دیکھا گیا کہ admissible بھی ہے یا نہیں۔ تو آپ نے اس پر کافی حد تک بات کر لی ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ بہرحال قواعد کا ہم نے پورا احترام کیا ہے۔ لیکن بات یہ ہے کہ ایسے اہم موضوعات کو، میرا خیال یہ ہے کہ سینیٹ میں اگر بروقت ان کا نوٹس نہ لیا جائے تو پھر ہم اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا نہیں کر رہے ہوں گے۔ بہرحال میں اپنی یہ موشن پڑھتا ہوں۔

iii) RE: ALLEGED PROMOTION OF A CORRUPT OFFICER OF NATIONAL BANK

Prof. Khurshid Ahmad: It has been reported in the daily "Jasarat" Karachi of date, i.e. 15th February 1994, that an officer of the National Bank of Pakistan, who was held guilty for receiving bribe and his corruption

was also taken note of by the Wafaqi Mohtasib, has been promoted to a senior position , given a Service Award and 3 years seniority on the intervention of Prime Minister's Officer . This involves total disregard of Rules of Business and also political intervention in Bank matte, . It is not a question of one individual ; the issue relates to the very future of Administration and Banking in Pakistan and as such constitues a matter of urgent national importance . I, therefore, seek the leave of the House to suspend the normal businesss of the House and discuss this matter .

Mr. Chairman: Is it being opposed? Who will respond from the Government side?

Syed Iqbal Haider: Opposed , Sir.

Mr. Chairman : It is opposed .

پروفیسر خورشید احمد مختصراً بیان فرما دیں۔

پروفیسر خورشید احمد۔جناب چیئرمین ! میری یہ جو موشن ہے یہ اخباری اطلاعات کے اوپر مبنی ہے جن کی کوئی تردید حکومت کی طرف سے نہیں ہوئی ۔ میں نے اس کو کسی ایک کیس کی حیثیت سے پیش نہیں کیا ہے ۔ اس لئے کہ میرا مقصد اصولی پیز کی طرف توجہ مبذول کرانا ہے اور وہ یہ ہے کہ حکومت میں ' بینکوں میں ' کارپوریشنز میں تقرریاں میرٹ کی بنیاد پر ' proper procedure follow کرتے ہوئے اور رولز کے مطابق ہونی چاہئیں ۔ ان میںجو deviation بھی ہوگا وہ اس ملک کے انتظامی نظام کو تباہ کرے گا اور اس سے پہلے یہ ضمانت ہمیں دی گئی تھی جب میں نے ایک اور ایڈجرنمنٹ موشن میں مرکز میں ریٹائرمنٹس کے مسئلے پر نکتہ اٹھایا تھا کہ کوئی تقرری ' کوئی پروموشن رولز سے ہٹ کر کے نہیں کیا جائے گا ۔ ماضی میں یہ تمام چیزیں مختلف حکومتیں کرتی رہی ہیں لیکن اس حکومت کی پالیسی یہ ہمیں بتائی گئی تھی کہ وہ قواعد اور ضوابط کا پورا پورا لحاظ کرے گی ۔ ایک اور کیس ہمارے سامنے آتا ہے کرپشن کا کہ جس میں وفاقی محتسب کا فیصلہ بھی موجود ہے جس کے نتیجے کے طور پر ایک شخص کو ہٹایا گیا

لیکن اب کسی پراپر انکوائری یا نارمل پروسیجر کو اختیار کئے بغیر تین سال کی سنیارٹی دی جاتی ہے ، اس کو ایوارڈ دیا جاتا ہے ، اور reinstate کرایا جاتا ہے

یہ تمام چیزیں ہیں جن سے بینکنگ کا نظام تباہ ہوا ہے ، جس سے انتظامیہ خراب ہوئی ہے ، جس کے نتیجے کے طور پر سیاسی دخل اندازیاں ان تمام معاملات کے اندر واقع ہوئی ہیں اور میں اس کیس کو صرف ایک اصولی حیثیت سے سینٹ کے سامنے لایا ہوں اور مقصد میرا یہ ہے کہ اس بنیاد پر سینٹ میں کھل کرکے بحث ہو سکے کہ ایسے دوسرے حقائق بھی سامنے آ سکیں اور اس سے اصل مقصد میرا یہ ہے کہ ملک میں کوئی قانون ، کوئی ضابطہ ، کوئی نظام ہو ، ملک کا صدر، ملک کی وزیر اعظم ، ملک کے سپیکرز ، [illegible] گورنر سب ایک قانون کے [illegible] ہیں۔ قانون کے پابند ہوں کسی کو یہاں صوابدیدی اختیارات حاصل نہیں ہونے چاہئیں جن کی بنیاد پر وہ ایڈمنسٹریشن یا بینکنگ یا کسی بھی ادارے کے اندر اپنی مرضی کی تقرری کروائے اور خاص طور پر وہ کیسز کہ جن میں جوڈیشل فیصلے موجود ہوں ان کو نظرانداز کرکے over ride کیا جائے۔ یہ چیز ملک کے نظام کو تباہ کرنے والی ہے ۔ اس [illegible] جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ اس کو زیرغور لایا جائے ۔ اس میں جہاں تک ایڈجرنمنٹ موشن کی ضروریات کا تعلق ہے وہ ساری موجود ہیں۔ اس کا تعلق ایک ایسے واقعہ سے ہے جو حال ہی میں ہوا ہے ۔ اس کا تعلق ایک ایسے واقعہ سے ہے جس کا تعلق مرکزی حکومت سے ہے ، اس کا تعلق ایک ایسے معاملے سے ہے جو قومی اہمیت کا حامل ہے اور جس میں غلط روایات اور غلط دروازے کھلنا جو ہیں وہ ملک کے انتظامی نظام کو تباہ کرے گا ۔ اس کا تعلق بینکنگ سیکٹر سے بھی ہے جو بڑا اہم سیکٹر ہے اور جس میں اس وقت عالم یہ ہے کہ اسی قسم کی بے قاعدگیوں کی بنا پر کل بینکنگ لونز کا تقریباً ۲۸ فیصد ڈیفالٹ ہے ۔ اس سے پورے ملک کے بینکنگ سسٹم کو بینکرپسی کے دھانے پر کھڑا کیا ہے۔ تو یہ وجوہ ہیں جن کی بنا پر یہ قومی اہمیت کا مسئلہ ہے فوری مسئلہ ہے میرے علم کی حد تک اس پر نیشنل اسمبلی میں بھی کوئی بحث نہیں ہوئی ہے ۔ اس لئے آپ تحریک التواء کی جو ضروریات ہیں ان میں سے ہر ایک کو آپ پائیں گے کہ وہ پوری اترتی ہیں۔ اس بنا پر میری یہ تجویز ہے کہ اس کو قبول کیا جائے اور اس پر ایوان میں کل دو گھنٹے کی بحث ہو ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین۔جی لاءمنسٹر صاحب ۔

سید اقبال حیدر - جناب چیئرمین! میں معزز رکن سے صرف اتنا کہوں گا کہ چونکہ متعلقہ وزیر خزانہ ----

پروفیسر خورشید احمد - ایوانتث نہیں ہوا ہے۔

سید اقبال حیدر - اتفاق طور پر یہاں نہیں ہیں - سنیٹ منسٹر مخدوم شہاب الدین آج یہاں نہیں ہیں اگر اس کو ڈیفر کر دیا جائے تو میں مشکور ہوں گا۔

جناب چیئرمین - تو اس کو ڈیفر کیا جاتا ہے - آج کا وقت تحریک التواء کا پورا ہو گیا ہے۔

FURTHER DISCUSSION ON THE MOTION REGARDING POLITICAL

CRISES IN NWFP

Mr. Chairman: We now go on the next item on the agenda which is item No. 3 Further discussion on the motion moved by Prof. Khurshid Ahmad.

اس میں اس دن میرا خیال ہے کہ ملک قاسم صاحب نے تقریر کر لی تھی اور ّن کرنا چاہ رہے تھے - جام صاحب آپ رہ گئے ہیں اور ڈاکٹر ریحان صاحب آپ رہ گئے ہیں - افضل خان بھی بولنا چاہیں گے -

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی - میں بھی بولنا چاہوں گا -

جناب چیئرمین - آپ بھی بولنا چاہیں گے - اتنے کیا کرنے ہیں - آپ کا ابھی رہتا ہے وہ لسٹ کدھر ہے ؟ اس کو وائنڈ اپ کون کرے گا ؟

سید اقبال حیدر - وائنڈ اپ ہم کریں گے -

جناب چیئرمین - یعنی آپ لا منسٹر ---- ٹھیک ہے تو ڈاکٹر ریحان صاحب -

ڈاکٹر محمد ریحان - بسم اللہ الرحمن الرحیم - چیئرمین صاحب! آپ کا شکریہ - میں اپنے سینٹ کے معزز اراکین کے ساتھ مل کر جناب خورشید احمد صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک اہم مسئلہ جس نے آج قوم کو بے حد تشویش اور فکرمندی میں ڈالا ہوا ہے اور ملک میں محاذ آرائی اور کشیدگی کی فضا پیدا ہو چکی ہے اس پر انہوں نے اس ایوان کی توجہ مبذول کرائی

اور اس پر ہمیں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع مل گیا ۔ جناب والا! اس حکومت کے ' اس غلط اقدام نے آج ملک کو تباہی اور بربادی کے کنارے لا کھڑا کر دیا ہے ۔ اور جس کی اس ہاؤس کی اکثریت نے جس طرح مذمت کی ہے میں اس میں نہیں جاؤں گا ۔ ہاؤس کا وقت صرف نہیں کروں گا ۔ میں ان ساتھیوں کے خیالات کے ساتھ متفق ہو کر اس مذمت میں شامل ہوتا ہوں ۔ جناب میں صرف اس طرف آؤں گا کہ کل ایک دو صاحبان نے چند باتیں اٹھائی ہیں کہ نہیں یہ تو قانونی حق ہے' یہ تو جمہوری حق ہے یہ تو سیاست میں ہوتا رہتا ہے یہ عدم اعتماد تو پیش کئے جاتے ہیں۔ کیا صرف آئین میں یہی بتایا گیا ہے کہ آپ عدم اعتماد پیش کریں ۔ حکومتوں کو غیر مستحکم کریں ۔ حکومتوں کو توڑ دیں ۔ یا اس کے علاوہ کچھ اور باتیں بھی ہیں۔

جناب والا! ایک فیڈریشن میں کیا مرکزی حکومت کا یہ فرض نہیں بنتا ہے کہ ایک صوبہ جہاں پر ایک حکومت جمہوری طریقے سے برسراقتدار آئی ہو اگر اس کے پاس کچھ مشکلات ہوں اسے کچھ رکاوٹیں درپیش ہوں اس کے راستے میں اگر کچھ اور ' اس کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو کیا یہ اس کا اخلاقی ' جمہوری فرض نہیں بنتا کہ اس کی مدد کرے اور بجائے اس کے کہ اس کو ختم کرے۔ جناب والا! یہ کہنا کہ صابر شاہ کی حکومت میں بدعنوانیاں ہیں اور وہ امن و امان قائم نہیں کرسکتی ۔ اور وہ اس قابل نہیں ہے کہ وہ حکومت چلائے ۔ جناب والا! اس سلسلے میں میں مرکزی حکومت سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کو ۱۱۰ دن یا ۱۲۰ دن ہوئے ہیں اس دوران میں آپ نے کیا کچھ ملک کو دیا ہے ۔ کیاآپ نے اس ملک کو صحت پالیسی دی' تعلیمی پالیسی دی ' آپ نے کمر توڑ مہنگائی پر قابو پانے کے لئے کون سے اقدامات کئے ہیں ؛ بے روزگاری کو ختم کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے ؛ کیا آپ کے پاس صرف یہی بات رہ گئی ہے کہ جو حکومتیں آپ کی رائے پر نہ چلتی ہوں جوآپ کی مخالف ہوں اس کو آپ ختم کریں اور اپنی مرضی کی حکومتیں قائم کریں ؛ کیا یہی آپ کی گھٹی اور خمیر میں شامل ہے کہ صرف اپنی ذات کی حکومت جو ہے اس کو قائم کریں؛ اگر آپ کا کوئی مخالف ہے تو اس کو ختم کریں ؛

جناب والا! جو پارٹی اس غلط اقدام کے پیچھے ہے اس کے ماضی میں ' میں نہیں جاؤں گا ' میں یہ نہیں کہوں گا کہ یہ وہی پارٹی ہے کہ جس نے اس ملک کو دولخت کرکے اس ملک کا جھٹکا کر دیا تھا ۔ اس کے بعد باقی ماندہ پاکستان کے کچھ صوبوں میں جہاں پر باشعور اور سیاسی ذہن رکھنے والے کچھ لوگ ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں کامیاب ہوئے تھے ۔ انہوں نے اس ملک کو ' باقی ماندہ

پاکستان کو بچانے کی خاطر اسے محفوظ رکھنے کی خاطر تعاون کیا لیکن ان کو بہت جلد چھٹی دے دی گئی اور اس کے بعد بلوچستان میں جو فوج کشی کی گئی صوبہ سرحد کی حکومت کو ختم کر کے وہاں کے رہنے والوں کے ساتھ جو انسانیت سوز ' اخلاق سوز حرکتیں کی گئیں ہیں وہ اگر آج بیان کی جائیں تو میرے خیال میں اس سے انسانیت کا سر شرم سے جھک جائے گا۔

جناب والا! یہ جس کو کہتے ہیں کہ "تحریک عدم اعتماد" یہ صرف چند دنوں کی بات نہیں ہے۔ جناب والا! جب سے یہ مرکزی حکومت اقتدار میں آئی ہے ' اسی دن سے اس صوبائی حکومت کو جو اس کی مخالف حکومت تھی ' گرانے کے لئے اقدامات شروع کئے گئے تھے۔

جناب والا! دنیا کے کون سے آئین میں یا دنیا کے کون سے سیاسی نظام میں یہ بات موجود ہے کہ ایک صوبہ کے اپوزیشن لیڈر کا وزیر اعظم کے سیکرٹریٹ میں دفتر بنایا جائے۔ اس کو پوری سہولتیں دی جائیں۔ اس کو عملہ دیا جائے۔ اس کو گاڑیاں مہیا کی جائیں۔ اس کے disposal پر resources رکھے جائیں۔ اور وہ مہینے میں ۲۶ دن تو یہاں پر مرکزی دارالخلافہ میں رہے اور صرف چار دن اپنے صوبے میں ' چاہیے تو یہ کہ جب وہ اپوزیشن لیڈر ہے تو اپنے صوبہ میں رہے۔ لیکن نہیں ' یہ کام اس کو سونپا گیا تھا اور اس نے باقاعدہ ایک سازشی طریقے سے اس کے لئے کافی عرصہ سے منصوبہ بندی کی۔ اب آپ جناب چیئرمین صاحب ملاحظہ کریں --- اگر کوئی ایسی بات تھی تو یہ تحریک وہ پچھلے دنوں میں کیوں پیش نہیں کرنا چاہتے تھے --- کیونکہ فلور کراسنگ کا آرڈیننس موجود تھا۔ اس وقت نہیں پیش کی گئی۔ اس میں ان کی بدنیتی ' ان کا سازشی ذہن صاف نظر آرہا ہے جونہی وہ expire ہوگیا انہوں نے وہ تحریک' ہارس ٹریڈنگ کر کے ' kidnapping کرنے اور دوسرے غلط طریقوں سے پیش کی اور اس کے خلاف پراپیگنڈہ شروع کردیا اور ان کو اسلام آباد سے ٹی وی پر لانے۔ جو کہ ایک قومی ادارہ ہے جس پر ایک پارٹی کا حق نہیں ' وہاں پر اس کو بھرپور استعمال کیا جاتا رہا ہے اور اس میں لوگوں کو اغواء بہکا کر کے -- کہ یہ جی فلاں نے استعفیٰ دیا۔ فلاں ادھر آگیا۔ فلاں ادھر گیا۔ جناب یہ ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے۔ صرف اس لئے کہ وہاں پر جو مخالف حکومت ہے اس کو ختم کیا جائے۔ جناب والا! اس کے بعد ان ممبران کو جن پر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ مل گئے ہیں ' ان کے بچے ' ان کے خاندان ' ان کے پیچھے مارے مارے پھر رہے ہیں ' یہ ان کو اسی طرح چھپا رہے ہیں جس طرح بلی اپنے بچوں کو منہ میں لے کر کبھی ایک طرف لے جاکر چھپاتی ہے اور کبھی دوسری

طرف ۔ اصولی طریقہ ' سیاسی طریقہ جمہوری طریقہ آئینی طریقہ تو یہ ہوتا ہے کہ وہاں پر اپنے صوبے میں رہ کر یہ کام کریں ۔ تاکہ وہاں ان کے جو ووٹرز ہیں ' ان کا بھی ان سے رابطہ ہو کیونکہ اگر ان کا ایک ممبر اپنی وفاداری بدلتا ہے ' کسی وجہ سے بھی ' تو ووٹروں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اس سے رابطہ قائم کریں اور یا تو وہ ان سے استعفیٰ لیں کہ بھائی ہم نے آپ کو ووٹ اس لئے نہیں دیئے تھے کہ آپ کہیں جاکر بک جائیں ۔ کیونکہ جن لوگوں نے اس کو ووٹ دیئے ہوتے ہیں انہوں نے کسی اصول کے مطابق دیئے ہوتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس سے انکار نہیں ہے کہ یہ قانونی ' یا آئینی حق ہے کہ عدم اعتماد کسی حکومت کے خلاف پیش ہو سکتی ہے ۔ لیکن جناب کھیل یا ایک گیم کے دوران آپ فیئر طریقے پر چلیں فاؤل نہ کریں کیونکہ فاؤل کرنے والی ٹیم ابھی اکثر بلیک لسٹ ہو جاتی ہے اور اس کے جو کھلاڑی ہوتے ہیں وہ بھی سزا کے مرتکب ہو جاتے ہیں ۔

جناب والا! یہ جو کچھ ہو رہا ہے موجودہ وقت میں آپ اندازہ کریں وفاقی حکومت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے بڑے معصومانہ انداز میں ان باتوں کی تردید کی جاتی ہے کہ کوئی kidnapping نہیں ہو رہی ہے نہ کوئی ہارس ٹریڈنگ ہو رہی ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو سرکاری ریسٹ ہاؤسسز یا سرکاری وسائل حکومتی وسائل جن پر پوری قوم کا حق ہے ان کو کس طرح استعمال کیا جا رہا ہے ۔ جناب والا! ٹی وی کے خبرنامے کا ابھی تک ۲۰ منٹ کا وقفہ ہوتا تھا ابھی اسے بڑھا کر 50 منٹ کر دیا گیا ہے اور آپ نے خود بھی ملاحظہ کیا ہوگا اس میں 3/4 وقت وہ صرف سرحد کی حکومت کے خلاف استعمال ہوتا رہتا ہے اور ایسے بدگمانیاں پیدا کی جاتی ہیں تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ بدنیتی اور سازش پر مرکزی حکومت اس کے پیچھے لگی ہوئی ہے ۔ لیکن میں بھی اس ایوان کے فلور پر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اس کا رد عمل جو ہے صوبہ سرحد کے عوام میں بڑا شدید پایا جاتا ہے اور لوگ بڑے فکرمند ہیں وہ اس چیز کو برداشت نہیں کرسکتے ایک صاحب نے کہا تھا کہ نہیں صوبہ سرحد کے لوگ تو بڑے امن پسند ہیں وہ ایسا نہیں کریں گے ۔ ایسا نہیں کریں گے میں ان کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ جب کوئی آپ کو اشتعال دلائے جناب آپ دیکھ لیں امن و امان کا مسئلہ صوبائی حکومت کا مسئلہ ہوتا ہے صوبائی چیف منسٹر نے امن و امان قائم رکھنا ہوتا ہے یہاں صوبہ سرحد کا گورنر تقریباً جب سے یہ معاملہ شروع ہوا ہے شاید چند گھنٹوں کے لئے اسلام آباد سے باہر ہو روزانہ پرائم منسٹر ہاؤس میں بیٹھا رہتا ہے پتہ نہیں کس چیز کے منصوبے کرتے رہتے ہیں اور ساتھ یہ کہنا کہ اس دن وہ پیرا ملٹری فورسز

بلوائیں گے یہ اشتعال انگیزیاں ہیں ۔ جناب والا ! اس طرح نہیں ہونا چاہئیے۔ یہ صحیح ہے اور ہم اس پر فخر کرتے ہیں کہ پختون امن پسند ہیں ان کے پاس ہتھیار موجود ہوتے ہیں اور اس کی نوبت بڑی کم ہی آتی ہے کہ وہ اس کو نکال کر استعمال کرتے ہیں۔ لیکن میں اس صاحب کی خدمت میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ڈیورنڈ لائن کے پار کیا وہ پختون نہیں ہیں کیا وہ جو آج کل لڑ رہے ہیں جو خون بہا رہے ہیں۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بات کا بڑا خیال رکھنا چاہئیے خدانخواستہ کوئی حالت ایسی بن گئی تو پھر اس کو کنٹرول کرنے والا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔

جناب چیئرمین۔اب وائنڈ اپ کرلیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔جناب والا! میں یہ عرض کروں گا ایک اصاحب نے یہ کہا اتھا کہ ماضی میں بھی ایسا ہوتا رہا ہے ہارس ٹریڈنگ ہوتی رہی ہے اور لوگوں کو خریدا جاتا رہا ہے لوگ اغواء ہوتے جا رہے ہیں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ Can two wrongs make one right? مجھے تو نہیں معلوم کس نے کیا ہے اور کس نے کیا ہوا ہے لیکن ایسی باتیں ہوئی ہیں تو ہم آج بھی اس کی مذمت کرتے ہیں کہ ایسی باتیں نہیں ہونی چاہئیں ۔

جناب والا! موجودہ حکومت جو پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اس کو اس ملک اور قوم کی خاطر یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ مزید اس قسم کی کشیدگی کو پیدا نہ کرے اس کو پروموٹ نہ کرے اور یہ عدم اعتماد کے نام پر جو انہوں نے چھیڑ چھاڑ شروع کی ہے اس کو واپس لے ورنہ ایک پہلے بدنامی کا دھبہ جو ان کے ماتھے پر لگا ہوا ہے کہ انہوں نے ملک کو توڑا ہے میں سمجھتا ہوں کہ خدا سے زاری کریں اس کی معافی مانگ لیں۔ مزید اس قسم کی بدنامی اپنے سر پر نہ لیں اور اس کے ساتھ ساتھ میں ملک کے صدر جناب سردار فاروق خان لغاری صاحب کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ جیسے ہی انہوں نے صدارت کا عہدہ سنبھالا انہوں نے پارٹی کی ممبرشپ سے استعفیٰ دے دیا اور انہوں نے کہا کہ آج سے میں پورے ملک کا صدر ہوں تو آج ہم ان سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ کر ملک و قوم کی خاطر اپنا تاریخی کردار ادا کریں۔ شکریہ

جناب چیئرمین۔طارق صاحب: آپ کا نام ہے لیکن جام کرار صاحب نے request کی ہے کہ مجھے پہلے موقع دے دیا جائے ۔

جناب محمد طارق چوہدری۔ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین-جام کرار صاحب۔

Mr. Chairman: Yes, Haji Kararuddin.

Jam Kararuddin: Thank you, Mr. Chairman, Sir. I have been given a chance to express my views on the motion moved by Professor Khurshid Ahmed on the political crisis in NWFP. Sir, in my humble opinion, there is no political crisis in NWFP Province but there is only a democratic and constitutional activity in that Province. The Members of that Province have moved and tabled a no-confidence motion against their own Chief Minister which is their constitutional and democratic right and that right cannot be snatched from them by anyone. They have adopted a democratic and constitutional behaviour. Certian Members were not satisfied with the performance of the Chief Minister and therefore, there was no alternative for them except to move a no confidence motion to get relieved of him and therefore, it is absolutely constitutional and democratic path that they have chosen to get anybody elected as their leader of the House.

Sir, I am confident that the people of NWFP are law abiding citizens and they are more segacious than their own leaders and I hope that they will be able to solve the situation and get it shaped according to the democratic norms and constitutional provisions and tomorrow the meeting has been convened by the Speaker of the NWFP and that motion will be taken according to the wishes of their own Members. Let the Members come, on the floor of the Assembly and say whether they have been kidnapped. These sorts of allegations are very easy to make against anybody or any government. So far as the threats are concerned, I will appeal to Mr. Nawaz Sharif that he should forget those days of pomp and

dignity when he was a Premier of this country. Now he is the Leader of the Opposition. Now he should behave as a Leader of Opposition and should adopt a constructive and democratic attitude. When Mohtarma Benazir Bhutto became Prime Minister of this country, she invited the Leader of the Opposition Mr. Muhammad Nawaz Sharif to come forward to formulate a common strategy and working relationship so that we may have some sort of consensus on important national issues but he refused that offer. Then, again she sent her own emissary to Mr. Nawaz Sharif for extending his cooperation to the Government to face the problems being faced by the nation. Again, he declined that offer also. Mr. Nawaz Sharif should play the role as a Leader of the Opposition. You will be surprised Sir, that Mr. Nawaz Sharif has conspicously remained absent on the national event. When President took an oath, you were also there, Sir. After taking oath, you shook hand with him very warmly and congratulated him but Mr. Nawaz Sharif was conspicously absent on that national event also. Afterwards, the President expressed his desire to meet Mr. Nawaz Sharif at Lahore but he also refused to meet him. Then, again he desired to meet him at his own residence in the Model Town, Lahore, but he declined that offer too.

Now Sir, compare the magnanimity and large heartedness of the President and narrow-mindedness of the Leader of the Opposition. Therefore, with due respect, I will appeal to Mr. Nawaz Sharif, to play his democratic and positive role so as to strengthen the democracy and democratic institutions rather than to weaken them. Here Sir, I have heard that so many honourable Senators are speaking about the break up of the country and that blame has been given to Mr. Z.A. Bhutto. I want to make the record right that it was Mr. Yahya Khan who broke the country. He is wholly and solely responsible for breaking

up the country. The seeds of disintegration of this country were sown by General Ayub Khan and its harvest was reaped by Mr. Yahya Khan and Z.A. Bhutto was not responsible for the break up of the country. On the contrary, the nationa should be grateful to Mr. Bhutto who through his statesmanship and political acumen got his 90 thousand military people back from the prisons of India. He got back five thousand square miles from the forcible occupation of India and instead of that the people are blaming Z.A. Bhutto for breaking of the country. Now, recently Mohtarama Benazir Bhutto has got back 8 Pakistanis from Iraqi Government. Now what Mr. Nawaz Sharif has done during three years' time - he could not get even those 8 persons released from the prisons of Iraq.

Therefore, Sir, one should accept the historical facts and ground realities and I do not know why the people here, some of our friends, are allergic to hear the name of Bhutto family or the Pakistan Peoples Party. I do not know the causes of this malady which has developed among our Senators. I am confident that the present Government would achieve more outstanding achievements during their five years tenure which is their constitutional period and Pakistan will progress and prosper under the able leadership of Mohtarama Bhutto. Thank you very much, Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Tariq Chaudhry Sahib.

جناب محمد طارق چوہدری۔ شکریہ جناب چیئرمین! پروفیسر خورشید صاحب اور قاضی حسین احمد صاحب نے اس موضوع پر جو باتیں کہی ہیں ، اصولی طور پر وہ درست ہیں ۔ حقیقی جمہوریت اور ملکی استحکام کے لئے ان پر عملدرآمد کیا جانا بھی ناگزیر اور ضروری ہے ۔ لیکن ان باتوں کے درست ہونے کے باوجود اور جمہوریت کے استحکام کے لئے ناگزیر ہونے کے باوجود ہماری سیاسی اٹھان اس طرح سے ہوئی نہیں ہے کہ ان اصولوں پر ، قواعد و ضوابط پر اس پر عملدرآمد

کیا جانے جیسا کیا جانا چاہئیے۔ ابھی ڈاکٹر ریحان صاحب ذکر کر رہے تھے ماضی کا۔ اگر ہم ماضی کی طرف جانا شروع کریں گے تو یہ ماضی اتنا پیچھے اور اتنی دور تک چلا جاتا ہے کہ ہمیں سمجھ نہیں آنے گی کہ آج کل کے بگاڑ کی ذمہ داری کس سال پر عائد ہوتی ہے۔ کیونکہ ماضی میں کانگریس کی اٹھان اور 47ء میں ہونے والے ریفرنڈم پر بھی اس کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ضروری نہیں ہے کہ اس کو 70ء سے اٹھایا جائے، ضروری نہیں ہے 78ء سے اٹھایا جائے، ضروری نہیں ہے 88ء سے اٹھایا جائے، ضروری نہیں ہے 90ء سے اٹھایا جائے کیونکہ اگر ہم ماضی کی بات کریں گے تو ماضی بہت دور تک چلا جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! میں بات کروں گا حال کی۔ کیونکہ ماضی سے مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ حال کے واقعات یہ بتاتے ہیں کہ سرحد میں آنے والا عدم اعتماد موجودہ حالات میں ناگزیر تھا لازمی ہو گیا تھا، اگر آپ نے اس سسٹم کو چلانا اور جاری رکھنا ہے۔

جناب چیئرمین! ماضی بعید نہیں یہ قریب کے لیڈروں کی بات ہے کہ جیلانی نے لوگوں کو پروان چڑھایا، ضیاء الحق صاحب نے ان کا تکا مضبوط کیا اور پھر اسلم بیگ اور غلام اسحاق خان نے ہاتھ سے پکڑ کر چھت پر چڑھایا تو لوگ یہ سمجھے کہ یہ ان کا ذاتی کمال تھا۔ انہوں نے پنجاب کی چیف منسٹری کے تجربے کو 1994ء میں دوبارہ دہرانے کا خواب دیکھا تھا۔ لیکن وہ یہ بھول گئے کہ وہ قدم جو اٹھے تھے، وہ اقدام جو کئے گئے تھے وہ ان کے اپنے نہیں تھے اس کے پیچھے کسی اور کی ذہانت تھی، کسی اور کی حمایت تھی، کسی اور کی تھپکی تھی۔ اپنی ذہانت سے جو کچھ کیا ہے وہ ہمارے سامنے ہے۔ اپنے ذاتی ذہانت کا رول شروع ہوتا ہے جناب چیئرمین! 1993ء میں، فروری 1993ء میں اپنے قدموں پر کھڑا ہونا پڑا ہے۔ پھر two-third majority سکڑتی سکڑتی 123 ممبروں تک پہنچی اور جب مارشل لاء اور جب صدر مملکت اور جب خفیہ ایجنسیوں کے بغیر خود الیکشن لڑا تو وہ two third majority ۷۲ سیٹوں پر سکڑ کر آگئی۔ اور جب خود سامنا کرنا پڑا میدان میں تو محترم چیئرمین حالت یہ ہوگئی کہ سپیکر نے مقابلے میں ووٹ لئے 90، دو گھنٹوں کے بعد ڈپٹی سپیکر نے ووٹ لئے 81، اور لیڈر آف دی ہاؤس کا میدان جب گرم ہوا تو وہ 90 ووٹ سے رہ گئے 72۔ اور جناب چیئرمین جب یہ صدارت کے معرکہ پر پہنچا تو اسی قومی اسمبلی کے 90 ووٹوں سے یہ گھٹ کے 63 باقی بچے۔ جناب عالی، یہ سفر جو اتنی تیزی سے شروع ہوا ہے پہاڑی سے لڑھکنا، پہاڑی سے لڑھکنے کا سفر جو اتنی تیزی سے شروع ہوا ہے تو یہ اس کو guess نہیں کرسکے، اندازہ نہیں کرسکے کہ صوبہ سرحد میں ایک ووٹ سے، دو ووٹ سے جیتنے

والا سپیکر اور ایک ووٹ سے جیتنے والا ڈپٹی سپیکر، جہاں اتنا close margin ہے، وہاں صورتحال کیا بنے گی؛ اس چیز کو سامنے رکھے بغیر انہوں نے پنجاب کی چیف منسٹری کے زمانے کے تجربے کو دوبارہ شروع کرنا چاہا۔ جناب چیئرمین! اور اس کام کے لئے

پاسبان مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے

تو پاسبان پہلے سے موجود تھے، جن کے اپنے دکھ تھے جن کی اپنی پرابلم تھی -- جناب چیئرمین! وہی چیف منسٹر، وہ فیڈرل حکومت کے ساتھ محاذ آرائی شروع کرتا ہے کس بات پر کہ وہ کہتا ہے کہ موٹر وے تو بنے، اس موٹر وے کی بات کرتا ہے جس کے نہ بننے کے بارے میں خود اسی صوبے کے چیف منسٹر نے اپنی اتحادی پارٹیوں کے ساتھ اتنا لمبا خط لکھا لیکن غازی بروتھا ڈیم کی مخالفت کرتا ہے۔ کن کے کہنے پر، ان اتحادیوں کے کہنے پر جو پاکستان کو ترقی کرتا دیکھنا چاہتے ہیں اور نہ اندھیروں سے اس کو روشنی کی طرف سفر کرنے کی اجازت دینا چاہتے ہیں؛ جناب چیئرمین! یہ مسئلہ عدم اعتماد کا مسئلہ نیہ آئینی اور قانونی اور جمہوری سے زیادہ معاشی مسئلہ ہے۔ مالی مفادات کا مسئلہ ہے، کچھ لوگوں کے روزگار کا مسئلہ ہے۔ جناب چیئرمین! دہی کی تھیلیوں سے شروع ہونے والا سفر جب وہاں سے بند ہو گیا تو روس کھل گیا روس بند ہوا تو ماڈل ٹاؤن کھل گیا۔ ماڈل ٹاؤن کا سنیٹ بنک بند ہوا تو اب تو جناب یہی افغانستان کی طرف جانے والے پرمٹ ہی تھے جو ان کے روزگار کا ذریعہ بن رہے تھے تو آپ نے جب ان کو بھی بند کردیا ہے ہمارے ایک دوست کہتے تھے جس کی گردن دباؤ وہی آنکھیں دکھاتا ہے۔ آپ معاشی لحاظ سے ان کی گردن دبائیں گے تو وہ آنکھیں تو دکھائے گا۔

ایک تو ان کا مسئلہ اور دوسرا مسئلہ ہمارے محترم قائد پاکستان قائد اعظم ثانی فاتح کابل بوسنیا و کشمیر۔ جناب ایک زمانہ تھا کہ قائد اعظم تھے اور اب ثانیوں کے پلے پڑ گیا پاکستان۔ پہلے مولوی فرید ہوتے تھے اب فرید کے طوفانوں کے پنجے میں آ گیا۔ وہ گولی اورخون بہانے سے کم پر تو بات ہی نہیں کرتے بیرونی مداخلت کی بات کرتے ہیں جس وقت پنجاب کا ایک سابق بیوروکریٹ دونوں ہاتھوں میں بڑے بڑے اٹیچی کیس لے کر وہاں پہنچا تھا وہ تو قابل قبول تھا اور اب آفتاب شیرپاؤ اور مسٹر سلیم سیف اللہ، ان کو اب آپ پختونوں سے نکال دیں۔

جناب چیئرمین۔ وائنڈ اپ کریں بی طارق صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری۔تو جناب چیئرمین! میں نے ابھی تو شروع ہی نہیں کیا۔

جناب چیئرمین۔اس میں تو ہر ایک کو دس دس منٹ دیئے گئے ہیں قانون کے مطابق وہی وقت دیا جا رہا ہے آپ کے تو بارہ منٹ ہوگئے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری۔توجناب ابھی تو میں نے داستان شروع بھی نہیں کی تھی۔

جناب چیئرمین۔بہرحال پھر مواقع آئیں گے داستان کے سنانے کے، سنتے رہیں گے آپ کی داستان۔

جناب محمد طارق چوہدری۔اچھا ٹھیک ہے پھر آئندہ سہی شکریہ۔

جناب چیئرمین۔شکریہ جی جناب محمد علی خان ہوتی۔

جناب محمد علی خان ہوتی۔جناب چیئرمین! صوبہ سرحد میں موجودہ صورتحال کی وجہ سے وطن عزیز کو جو زک پہنچا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمیں تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے جناب والا! سیاسی عمل کے اپنے طور طریقے ہوتے ہیں جن کی پاسداری اور ان کی پابندی نہایت ضروری ہوتی ہے اور اگر ہم ان سے منہ موڑیں تو یقیناً ہم ملک کو تباہی کی طرف لے جائیں گے اسی طرح تحریک عدم اعتماد کے بھی اپنے طور طریقے ہوتے ہیں جن کی وجہ سے پھر ایسے واقعات کو نمٹایا جا سکتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی نظام میں عدم استحکام جب آ جائے تو وہ ملک کے لئے بہت ہی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے نہ صرف سیاسی محاذ پر بلکہ اقتصادی محاذ پر بھی صرف تباہی ہی تباہی ہوتی ہے پھر جب یہ کھینچا تانی شروع ہو جاتی ہے آپس میں اور پھر اس کے لئے غیر آئینی غیر قانونی کارروائیوں پر اتر آتا ہے یقیناً اس ملک کے لئے ایک سانحہ عظیم ہوتا ہے۔

جناب والا! اصولی طور پر ہم اس عدم اعتماد کے فلسفے کے خلاف نہیں ہیں لیکن ہمیں اعتراض ہے ان کے طور طریقے پر جو آج کل صوبہ سرحد میں ہو رہا ہے۔ سیاسی وفاداریوں کو اثر و رسوخ کی وجہ سے تبدیل کیا جارہا ہے۔ ممبران کو بے انتہا دولت offer کی جارہی ہے اور اب یہ بات روز روشن کی طرح سب پر عیاں ہے کہ ایک ایک ممبر کو ایک ایک کروڑ روپیہ دیا گیا ہے۔ جناب والا! ان کو دنیا جہاں کے لالچ دیئے جا رہے ہیں۔ اور پھر انہیں یرغمال کرکے ایک

تیسرے صوبے یعنی پنجاب میں بھی انہیں نہیں رکھا گیا ہے بلکہ ان کو تو سندھ سے جاکر وہاں مقید کیا گیا ہے اور بعضوں کے تو احباب کے علاوہ ان کے اہل خاندان بھی ان کی تلاش میں ہیں اور آج تک ان کو پتہ نہیں کہ وہ ممبران صاحبان کہاں ہیں ۔ اور کس کے قبضے میں ہیں ۔ جناب والا! یہ تو صرف ممبروں کی بات تھی اب میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہمارے وہاں کے جو وزراء تھے انہیں سب سہولتیں حاصل تھیں ان کے من پسند محکمے ان کے پاس تھے وہ بات کیا تھی کہ وہ صابر شاہ کی حکومت سے منہ موڑ کر کہیں اور بھاگ گئے اور پھر یہ الزام لگایا اخبارات میں کہ صابر شاہ نے بدعہدی کی ۔ جناب والا ! بدعہدی تو انہوں نے کی کہ حلف اٹھانے کے بعد حکومت چھوڑ کر بھاگ گئے ۔ اور اغیار کے دامن میں جاکر انہوں نے پناہ لی ۔ اور انہوں نے ان کو یرغمال بنایا ۔

جناب والا! پچھلے انتخابات جو کہ بڑے well managed انتخابات تھے اس کے بعد پیپلز پارٹی مخلوط حکومت بنانے پر مجبور ہوئی کیونکہ ان کی اکثریت صرف 14 کی تھی اور ہم نے ہارس ٹریڈنگ نہیں کی اگر ہم کرتے تو یقیناً آج پاکستان میں مسلم لیگ کی حکومت ہوتی ۔ اس طرح سندھ میں ان کی حکومت آئی اور پنجاب میں انہوں نے مسلم لیگ کے ایک دھڑے کو ساتھ ملا کر ایک مخلوط حکومت بنائی ۔ وہاں بھی دو وزراء اعلیٰ بنائے ۔ ایک نام نہاد وزیر اعلیٰ اور دوسرا اس پر جیسا کہ پہلے بھی میں نے اس ہاؤس میں عرض کیا تھا ایک نگران اعلیٰ اب وہ صورت تبدیل ہوگئی ہے نگران اعلیٰ کو ہٹا دیا گیا ہے ۔ لیکن سارے اختیارات مکمل اختیارات چیف سیکریٹری کے حوالے کردیئے گئے ہیں اور اب سننے میں آیا ہے کہ وہاں ایک سینئر منسٹر بنایا جارہا ہے جو کہ درپردہ اس کا وہی کام ہوگا جو کہ نگران اعلیٰ کا تھا ۔ دو صوبوں میں یہ پارٹی اپنی حکومتیں بنا نہ سکی لہذا اقتدار سنبھالنے کے فوراً بعد بھی ان کی اب یہ خواہش اور کوشش ہے کہ سرحد اور بلوچستان میں وہ اپنی حکومتیں بنائیں جناب والا! اگر ہم تاریخ کا بنظرغائر مطالعہ کریں ۔ تو یہ بات سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ کرسی کی خاطر اس ملک کو مرحوم بھٹو صاحب نے ادہرہم اور ادہر تم کا نعرہ لگا کر دولخت کردیا تھا اور قائد اعظم کی امانت میں خیانت کی تھی۔ اور پھر اس کے بعد صوبہ بلوچستان کی حکومت کو توڑا اور پھر ایسے حالات بنائے جن کی وجہ سے مفتی محمود نے استعفیٰ دے دیا ۔ مفتی محمود کے استعفیٰ دینے کے بعد گنڈا پور صاحب کو انہوں نے وہاں کا وزیر اعلیٰ بنایا ۔ لیکن بعد میں شیرپاؤ مرحوم اور گنڈاپور کی آپس میں چل گئی

اور مجھے message بھیجا گیا کہ اگر میں پیپلز پارٹی کا ٹکٹ لے کر الیکشن لڑوں وہاں ایک سیٹ خالی ہوئی تھی ایک ہمارے منسٹر تھے مرحوم امیرزادہ خان انہوں نے منسٹر کی سیٹ چھوڑی اور صوبائی اپنے لئے رکھی تھی اور سنٹرل انٹیلی جینس کی یہ رپورٹ تھی کہ بغیر محمد علی خان کے کوئی یہ سیٹ ANP سے نہیں جیت سکتا۔ بہرحال میں ان کے دام میں نہ پھنس سکا حالانکہ مجھے offer کیا گیا تھا۔ مرحوم شیرپاؤ میرے گھر آئے اور کہا کہ میں چیف منسٹر بنوں گا۔ اور آپ میری جگہ وزیر ہو جائیں گے۔ میں نے سوچا کہ اگر میں نے ایسی فاش غلطی زندگی میں کی تو میری پولیٹیکل ہسٹری شیٹ تباہ ہو جائے گی۔ خداوند تعالیٰ نے مجھے اس جال میں پھنسنے سے بچایا۔

جناب والا! وہ زمانہ اور تھا جب انہوں نے دو صوبائی حکومتیں ختم کیں۔ وہ پشتو کا ایک شعر ہے [دا زمانہ بہ دا هغہ زمانہ بہ دا]۔ یعنی یہ زمانہ اور ہے اور وہ زمانہ اور تھا۔ اب 1994ء ہے۔ لوگوں کو معلوم ہو گیا ہے۔ ایسی چیزیں اب ہم ہر گز نہیں ہونے دیں گے اور پھر جب یہ چیز ہارس ٹریڈنگ کے ذریعے آئے، ملک میں انتشار پھیلایا جائے تو یقیناً وہ لوگ جنہوں نے پاکستان بنایا ہے، وہ اس کو ہر گز تسلیم نہیں کریں گے۔ جناب والا! اس طرح غیر جمہوری عمل کے ذریعے، دولت کے ذریعے، اور ممبروں کو اغواء کرنے کے ذریعے یعنی انہوں نے جو حالات اور واقعات صوبہ سرحد میں بنا رکھے ہیں۔ وہ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے پختونوں کی غیرت کو للکارا ہے۔ اور اس کا ہم انشاء اللہ طریقے سے جواب دیں گے اور اسی زبان میں جواب دیں گے جس زبان کو یہ بہتر طریقے سے سمجھتے ہیں۔

جناب والا! میں علی الاعلان کہتا ہوں کہ آج ہماری وہاں اکثریت ہے اور پیپلز پارٹی کی اقلیت ہے اگر صابر شاہ حکومت تلوار کے زور سے اور مرکزی حکومت کے زور سے تبدیل کی گئی تو میں سمجھتا ہوں کہ پیپلز پارٹی اپنی سیاسی قبر خود کھودے گی اور ایک دن بھی یہ حکومت نہ کر سکے گی۔

جناب والا! ہم دھمکیوں سے ڈرنے والے نہیں۔ اخبارات میں یہ دھمکیاں دی جارہی ہیں کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری کو متعین کیا جائے گا اور ساتھ ہی فوج کو بھی بلایا جائے گا۔

جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ ہم نے صوبہ سرحد میں انگریزوں کی مخالفت کی ان کے ساتھ لڑے، پاکستان کی جنگ لڑی اور اس عاجز بندہ نے لڑکپن کے زمانے میں جیلوں کی ہوا کھائی۔ ہم کسی فوج سے نہیں ڈرتے اور نہ فوج اس معاملے میں اپنے آپ کو الجھائے گی۔ یہ میرا یقین محکم

ہے کہ ہماری پاکستانی فوج انشاء اللہ اس میدان میں نہیں آئے گی اور یہ پولیس کا کام ہے اور وہ دیکھیں گے کہ کون یعنی حکومت کو توڑنے کے لیئے میدان میں آتا ہے اور یہ کس طریقے سے کرنا چاہتے ہیں۔ اگر یہ غلط طریقہ استعمال کریں تو یقیناً اپنی پولیس ان کی مخالفت کرے گی۔

جناب چیئرمین۔جماعت کتنے بجے ہوتی ہے؟ کیوں حافظ صاحب؟

حافظ حسین احمد۔ڈیڑھ بجے۔

محمد علی خان ۔جناب والا! مرکزی حکومت کو چاہئیے کہ وہ صوبوں کے ساتھ تعاون کرے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ان کا وتیرہ کچھ اور ہے ۔ اور وہ اپنی من مانی کارروائیوں سے باز نہیں آ رہی حالانکہ ملک بہت سی مشکلات سے دوچار ہے اور ایک طرف سے ہندوستان ہماری مخالفت کر رہا ہے ۔ اورکشمیر جل رہا ہے ۔ دوسری طرف افغانستان میں آج تک جنگ جاری ہے ۔ جس کا یقیناً اثر اس ملک پر پڑے گا ۔جہاں تک اندرون حالات کا تعلق ہے یہاں بدامنی ہے بے روزگاری ہے انفلیشن ہے اور بھی مشکلات ہیں ۔ ملک میں تعلیم کی کمی ہے تو ہمیں چاہئیے کہ ہم اس طرف توجہ دیں اور جہاں پی پی پی کی حکومتیں نہیں ہیں تو مرکز کو چاہئیے کہ ان کے ساتھ باقاعدہ تعاون کرے ۔ تاکہ ملک ترقی کرے ۔ جناب والا! آج کل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے انڈسٹریز پر بڑا سخت اثر پڑ رہا ہے ۔ جس کا اثر ہماری اقتصادیات پر پڑ رہا ہے ۔ تو یہ ساری ایسی چیزیں ہیں کہ اس کے ہوتے ہوئے بھی ہم یہاں کھینچاتانی شروع کریں ۔ ہارس ٹریڈنگ شروع کریں۔ تو اس کا اثر یقیناً کشمیر کے مسئلہ پر بھی پڑے گا اور ہمارے اور بھی حالات جو ہیں ملک کے اندر وہ ہمیں تباہی کی طرف لے جائینگے ۔ جناب والا! 5 تاریخ کو جو یہاں ہڑتال ہوئی تھی ۔ اس میں ہم نے سارے ملک نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے ۔ اگر سرحد کے واقعات میں کوئی تبدیلی نہ لائی گئی اور اس کو بدستور رکھا گیا اور یہ عدم اعتماد کی دھمکی جاری رہی تو یقیناً وہ یکجہتی بھی ختم ہو جائے گی ۔ اور ہم پر ہندوستان والے بھی ہنسیں گے کہ کشمیر کو کیسے لے سکیں گے حالانکہ وہ خود ایک صوبے میں لڑائی لڑ رہے ہیں۔

اسی طرح جناب والا! جہاں تک مجھے معلوم ہے حکومت live and let live کی پالیسی پر یقیناً عملدرآمد نہیں کررہی۔ اور سارا زور اس نے صوبہ سرحد کو تباہ کرنے پر لگانے رکھا ہے ۔نمبر ۱ ہمارے ہاں موٹر وے اسلام آباد سے پشاور تک کا بند کردیا گیا تاکہ صوبہ سرحد کے عوام ترقی نہ

کرسکیں ۔ جناب والا! امریکہ کے اشارے پر آئی ایم ایف نے اس حکومت کو یہ کہا کہ اس موٹر وے کو ختم کیا جائے ۔ کیونکہ یہ موٹر وے پشاور پر ختم ہونے والی نہیں تھی ۔ یہ تاشقند اور ثمرقند جا کر ختم ہوتی ۔ اور پاکستان کا اثر و رسوخ ان علاقوں میں پہنچتا ۔ لیکن کمیونزم کے ختم ہونے کے بعد سب سے بڑا خطرہ ان عیسائی ممالک کو اسلام نظر آرہا ہے ۔ لہذا اس پالیسی کے تحت انہوں نے آئی ایم ایف کے ذریعے اس حکومت کو کہا اور حکومت مان گئی اور وہ موٹر وے جو ہے اسلام آباد پر ختم کی گئی ۔ پھر دوسری بات جو رائلٹی کا قصہ چل رہا تھا ۔ تربیلہ ڈیم کا وہ بھی یہ حکومت ختم کرنا چاہتی ہے ۔ تاکہ وہ علاقہ غریب سے غریب تر ہو ۔

جناب والا! اس کے بعد پرمٹ سسٹم جو وہاں کی گورنمنٹ دیا کرتی تھی ۔ وہ انہوں نے اپنے اختیار میں لے لیا ہے ۔ تاکہ پیپلز پارٹی اپنے جیالوں کو دلوائیں ۔ اسی طرح ان کی کوشش ہے کہ جو نقصان وہ پختونوں کو پہنچا سکیں تو یہ اس سے دریغ نہیں کریں گے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک دفعہ اس ملک کو اس پارٹی کی طرف سے ایک ناقابل فراموش نقصان پہنچ چکا ہے ۔ مشرقی پاکستان سے بنگلہ دیش بن چکا ہے ۔ اور اب موجودہ پاکستان میں کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ میں ان سے خدا کے نام پر اپیل کرتا ہوں ۔ کہ اس ملک کو مزید ٹکڑے کرنے سے بچایا جائے ۔ جناب والا ! جب تک ہم لوگ موجود ہیں جنہوں نے کہ پاکستان بنایا ہے جو کہ freedom fighters رہ چکے ہیں ہم نے یہ عزم کر رکھا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ان کو ایسا ہرگز نہیں کرنے دیں گے ۔ چاہے جو کچھ بھی یہ کریں ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی جناب ذکی الدین پال صاحب ۔

جناب ذکی الدین پال ۔ میں انشاء اللہ ۱۰ منٹ سے بھی کم وقت میں اپنی بات ختم کر دوں گا۔ کیونکہ حافظ صاحب نماز پڑھنے کے لئے جارہے ہیں۔ میں ابھی پانچ سات منٹ میں بات ختم کردیتا ہوں۔

میں پروفیسر خورشید احمد صاحب ' محمد علی خان صاحب اور ڈاکٹر ریحان صاحب کے خیالات کی تائید کرتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات میں صوبہ سرحد میں قرار داد عدم اعتماد پیش کرکے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی کوشش کی گئی۔ ہمارا ایک وفاق ہے ۔ اور وفاق میں چار صوبے ہیں ' اتفاق سے اس وقت وفاق کی مرکزی حکومت

میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اور ماسوائے سندھ کے باقی کسی صوبے میں پیپلز پارٹی کی خالص حکومت نہیں ہے ۔ پنجاب میں جس طرح سے دو عملی بلکہ سہ عملی کا تماشا دکھایا گیا ہے وہ سب کے سامنے ہے ' اب وہاں کے حالات ' وہ کہتے ہیں کہ ' درست ہو رہے ہیں مگر آپ یہ دیکھیں گے اور جو میری معلومات ہیں وہاں دھماچوکڑی مچے گی اور زیادہ تباہی آنے گی ' جناب چیئرمین! عدم استحکام اگر کسی ملک میں آ جائے سیاسی طور پہ تو پھر اس سے لازمی نتیجہ اقتصادی عدم استحکام کا ہوتا ہے ۔ اور اگر سیاسی عدم استحکام سے اقتصادی عدم استحکام تک آئیں تو پھر ملک تباہی کے دہانے پہ پہنچ جاتا ہے ۔ آپ کو پتہ ہے سب ارکان کو پتہ ہے کہ جس طرح سے میاں نواز شریف کی حکومت کو ختم کیا گیا اور جس انداز میں پاکستان میں عدم استحکام کو لایا گیا اس کا نتیجہ کتنا برا یعنی مالی اقتصادی عدم استحکام میں نکلا ۔ اور اس کا شکار ابھی تک ہم ہیں اور اس ڈیپریشن سے اور اس مالی تباہی سے ابھی تک ہم پوری طرح سے نکل نہیں سکے ۔ کیا موجودہ حکومت پھر وہی حالات پیدا کرنا چاہتی ہے کیا پھر اسی تماشے کو دہرانا چاہتی ہے ' آخر اس کا کیا مطلب ہے ' ایک صوبے میں حکومت کام کررہی ہے اس کے خلاف اگر کوئی allegations ہیں تو وہاں پہ جو ارکان ہیں وہ نمٹا سکتے ہیں ۔ میں عدم اعتماد کی تحریک کا مخالف نہیں ہوں ۔ میں ایک جمہوریت پسند انسان ہوں ' میں سمجھتا ہوں کہ عدم اعتماد کی تحریک آ سکتی ہے اور قانونی طور پہ درست ہے اور جو طریقہ اختیار کیا گیا وہ سراسر غلط ہے ' یہ طریقہ نہیں ہے ' جس انداز سے اس تحریک کو کامیاب کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں ۔ کیا ممبران کا اغواء ' ان کو دوسرے شہروں میں بھیجوانا ' بڑے بڑے ہوٹلوں میں رکھنا ' بعض وزراء کی کوٹھیوں میں ان کو مقید کردینا ' کیا یہ حربے عدم اعتماد کی تحریک کو کامیاب کرنے کے ' جائز ہیں ۔ کیا یہی جمہوری عمل ہے جس کا تقاضا ہے کہ اس تحریک کو اس طرح سے کامیاب کیا جائے ۔ مجھے ان طریقوں پہ ' ان حربوں پہ ' اس طریقہ کار پہ اعتراض ہے ۔ یہ طریقہ کار بالکل غلط ہے ' یہ تو غیر جمہوری ہے اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے ' اگر جمہوریت کو نقصان پہنچتا ہے تو ملک جو ہے وہ سیاسی طور پہ عدم استحکام کا شکار ہوتا ہے اور اگر ہم سیاسی طور پہ عدم استحکام کا شکار ہوتے ہیں تو پھر لامحالہ اس کا لازمی نتیجہ یہی ہوگا کہ یہاں اس ملک میں مالی طور پہ تباہی آئے گی ' جس طرح سے پہلے آ چکی تھی ۔ موجودہ حکومت کو تو یہ چاہئیے تھا کہ یہاں پہلے سیاسی طور پہ استحکام پیدا کرے ' صوبوں کے ساتھ لڑائی نہ کرے ' جو اس کے مخالفین ہیں ان سے صلح کرے ' افہام و

تفہیم کی بات کرے نہ کہ اس طرح سے محاذ آرائی پیدا کردی جائے ' محاذ آرائی سے لازمی طور پر یہی ہوگا کہ آپس میں تناؤ ہوگا اور ملک جو ہے اس میں صحیح استحکام پیدا نہیں ہو سکتا۔

اس طرح سے کہا گیا ہے ' معلوم نہیں یہ کیسی سوچ ہے کہ سارے ملک میں ایک ہی پارٹی کی حکومت ہو ' کوئی ضروری نہیں ہے۔ فیڈرل نظام میں تو ایسا نہیں ہوتا۔ ہمارے ہمسائے میں ہندوستان کی مثال آپ کے سامنے ہے ' نرسمہاراؤ وہاں کا وزیر اعظم ہے ' اندرا کانگریس وہاں پر مرکز میں برسراقتدار ہے ' کئی صوبوں میں اندرا کانگریس کے مخالفین کی حکومت ہے ' مگر آج تک یہ allegation نہ وہاں کے ملک میں آئی ہے ' نہ یہ انٹرنیشنل میڈیا میں آئی ہے ' نہ ہمارے پریس میں آئی ہے کہ وہاں جو وفاق میں حکومت ہے ہندوستان میں ' اس نے کسی صوبائی حکومت کو گرانے کی کوشش کی ہے یا وہاں پر گڑبڑ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہاں کی حکومت بڑے آرام سے چل رہی ہے اور حالات بالکل درست ہیں۔ موجودہ حالات ہمارے ملک میں بیرونی بھی اور اندرونی بھی ' ان کا تقاضا ہے کہ ایسے حالات نہ پیدا کئے جائیں کہ یہاں یکجہتی ختم ہو جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے ایسی کوششیں کیں جس سے یکجہتی ختم ہو تو پھر یہ جو محاذآرائی ہے ہماری سیاسی اور اقتصادی پوزیشن کو تباہی کی طرف لے جائے گی۔

کشمیر کے معاملہ میں جس یکجہتی کا مظاہرہ کیا گیا تھا اس کا تقاضا تھا کہ اس قسم کی محاذ آرائی نہ کی جائے۔ اور ملک کو ایک متحدہ لائحہ عمل پہ لانے کی کوشش کی جائے۔ مگر افسوس ہے کہ ایسا نہیں ہوا اور پتہ نہیں کہ کون سے ایڈوائیزرز ہیں ان کے کون سے مشیر ہیں جو اس قسم کی رائے دیتے ہیں کہ سارے ملک میں ایک پارٹی کی حکومت لازمی ہے۔ وفاق کی حکومت میں تو ایسا نہیں ہوا کرتا نہ ہی اس کا یہ تقاضا ہے کہ ضروری طور پہ ایک پارٹی کی حکومت ہو۔ وفاق میں صوبائی حکومتیں بھی ہیں ان کی مختلف آراء اور مختلف تقاضے ہوتے ہیں۔ اور ان کے مطابق وہاں کی حکومتیں کام کرتی ہیں تو اس طرح سے اگر وفاق اکائیوں میں مختلف صوبائی حکومتوں میں اس طرح سے افراتفری پیدا کرے تو پھر نہ صرف یہ کہ وہاں جو صوبائی حکومت ہے وہ ختم ہو گی بلکہ اس کا لامحالہ اثر جو ہے وہ وفاق پر بھی پڑے گا۔ اگر وفاق پہ پڑے گا تو سارے ملک کی تباہی ہے۔

میں حکومت سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ ایسی حرکتوں سے باز آئے تاکہ ملک

میں یکجہتی کی فضاء پیدا ہو اور ملک ترقی کرے ۔ یہاں کہا گیا ہے کہ یہ ایک بالکل جمہوری طریقہ ہے ۔ یعنی جو عدم اعتماد کی تحریک ہے اس سے کون انکار کرتا ہے کہ یہ جمہوری طریقہ نہیں ہے مگر جس طرح میں نے پہلے کہا کہ جس طریقے سے اس کو کامیاب کرانے کی کوشش کی جارہی ہے وہ انتہائی غیر جمہوری ہے ۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں اس طریقے کو اختیار نہیں کیا جا سکتا ۔ آپ کے سامنے مغرب میں بڑی بڑی پارلیمانی حکومتیں ہیں اور مشرق میں بھی ہیں وہاں تو کوئی ایسا طریقہ اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ ابھی حال ہی میں آپ کو معلوم ہے کہ ہندوستان میں بھی وفاق کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی گئی تھی وہاں تو یہ ڈرامہ نہیں رچایا گیا کسی نے کوئی اعتراض نہیں کیا نہ ہی کوئی allegation لگایا گیا ۔ کہ فلاں ممبر کو اغواء کر لیا گیا اور فلاں ممبر جو ہیں حکمران کے یا اپوزیشن کے فلاں ممبر کے قبضے میں ہیں ۔ ایسی بات نہیں تھی لوگوں نے اپنے طور پر ووٹ دیئے ۔ آزادی سے ووٹ دیئے اور وہ تحریک فیل ہوگئی ۔ یہاں بھی اگر ایسا ہی طرز عمل اختیار کیا جائے ۔ یہی طریقہ اختیار کیا جائے تو کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا۔ چونکہ نماز کا وقت ہو چکا ہے باتیں بہت سی ہو سکتی ہیں مگر میں اپنی تقریر یہیں پر ختم کرتا ہوں اور حکومت سے التجا کرتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں کہ خدا کے لئے ان طور طریقوں سے اجتناب کریں یہ تو انگریز کے دور کی باتیں ہیں اور اب ان کا کوئی کام نہیں ۔ ہمیں یہاں یکجہتی پیدا کرنی چاہئیے ، افہام وتفہیم پیدا کرنی چاہئیے اور مرکز کو صوبوں کو اپنے ساتھ لے کر چلنا چاہیے نہ کہ صوبے اور مرکز جو ہیں وہ بالکل ایک دوسرے سے کٹ جائیں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ منسٹر صاحب آپ نے یہ ایک موشن دی ہوئی ہے کیا آپ آج move کرنا چاہتے ہیں ۔

سید اقبال حیدر۔جی سر ۔

جناب چیئرمین۔ کردیں ۔ پھر پڑھ دیں ۔

MOTION UNDER RULE 239.

Syed Iqbal Haider: Thank you, Mr. Chairman, with your permission I beg to move that special permission under Rule 239 of the Rules of

Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 be granted for holding of election of a Member of the Senate from teh Federal Capital in the Chamber of the Senate on the 2nd March, 1994.

Mr. Chairman: It has been moved by the honourable Law Minister that special permission under Rule 239 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, be granted for holding the election of a Member of the Senate from the Federal Capital in the Chamber of the Senate on the 2nd March, 1994.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The motion stands adopted.

پروفیسر خورشید احمد۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ پچھلے سیشن میں کشمیر کمیٹی کے بارے میں ۲۰ دسمبر کو ریزولیوشن پاس ہوا تھا لیکن اب ڈیڑھ مہینہ ہو گیا ہے کمیٹی نہیں بنی ہے ابھی تک۔ جو بہت serious lapse ہے۔

جناب چیئرمین۔ صحیح بات ہے پروفیسر صاحب ہمیں خود بھی احساس ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہونا چاہیے تھا کوشش کی تھی کچھ اختلاف کی وجہ سے وہ finalize نہیں ہو سکی لیکن میں کوشش کرتا ہوں کہ کل لاء منسٹر صاحب سے بھی ڈسکس کروں یہ بہت ضروری ہے۔ اب کیا ارادہ ہے جی اس کو ایڈجرن کیاجائے۔ ۲۲ تاریخ تک؟

سید اقبال حیدر۔ ۲۲ فروری کو صبح دس بجے۔ We may continue the debate.

Mr. Chairman: This House is adjourned to meet again on the 22nd of February, 1994 ... 10,00 a.m.

[The House then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Tuesday, the 22nd. February, 1994]

PCPPI—4464(97) Senate—4-11-97—180.